ضیاء فارسی
مصنف
حضرت علامہ مولانا عطاء المصطفیٰ اعظمی مدظلہ العالی
سلسلہ اشاعت ۳۹
جمعیت اشاعت اہلسنت نور مسجد کاغذی بازار کراچی
Ishaate Islam

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

نام کتاب ———— ضیاء قاری

مصنف ———— حضرت علامہ مولانا عطاء المصطفیٰ اعظمی مدظلہ العالی

صفحات ———— ۷۴ صفحہ

تعداد ———— ۱۰۰۰

سن اشاعت ———— اکتوبر ۱۹۹۶ء

ہدیہ ———— دعائے خیر بحق معاونین

———☆☆— ناشر —☆☆———

جمعیت اشاعت اہلسنت

نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰

حرف آغاز

قارئین کرام، آپ کی خدمت میں فارسی قاعدہ بنام "ضیائے فارسی" پیش خدمت ہے جس میں فارسی کے ابتدائی قواعد بیان کئے گئے ہیں جس کو نبیرہ صدر الشریعہ حضرت علامہ مولانا عطاء المصطفیٰ مدظلہ العالی نے تصنیف فرمایا ہے

ادارہ ھذا جناب مصنف اور حضرت علامہ مفتی عبدالعزیز حنفی مدظلہ العالی کا تہہ دل سے مشکور ہے کہ ان دونوں حضرات نے اپنے قیمتی اوقات میں سے وقت نکال کر اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا

جمعیت اشاعت اہل سنت نے درس نظامی کی تمام کتابوں کو اردو زبان میں تراجم اور عربی زبان میں علمائے اہل سنت سے شروح و حواشی لکھوا کر شائع کرنے کا عزم و ارادہ کیا ہے ہماری پہلی کاوش ضیاء الصرف، اور یہ دوسری کتاب آپ کے پیش خدمت ہے امید کی جاتی ہے عوام اہل سنت و منتظمین مدارس اہل سنت اس کتاب کو بھی ضیاء الصرف کی طرح ہاتھوں ہاتھ لیں گے اور مدارس اہل سنت کے نصاب میں داخل فرمائیں گے

اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں اس ارادے میں کامیاب و مظفر فرمائے اور مسلک اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر استقامت نصیب فرمائے آمین

محمد نجیب برکاتی

جمعیت اشاعت اہل سنت

پیش لفظ

قواعد عربیہ پر مشتمل ہر زبان میں بے شمار رسائل و کتب دستیاب ہیں لیکن قواعد فارسیہ میں بہت کم۔ اور اس زمانے میں فارسی زبان میں طلبہ بہت کم دلچسپی رکھتے ہیں اور اس کی وجہ یہی سمجھ میں آتی ہے کہ فارسی قواعد پر [illegible] عام فہم اور آسان زبان میں کتب دستیاب نہیں۔

ساتھ ہی ہمارے مدارس کی بھی اس کی طرف اب کوئی خاص توجہ نہیں رہی ورنہ کم از کم قواعد میں مصدر فیوض اور فارسی زبان کی سیر دلستان ' انشاء ابو الفضل ' گلستان ' بوستاں تک تعلیم ہوتی ہی تھی حالانکہ علوم دینیہ کی اکثر کتب عربی زبان میں ہیں۔اور عربی قواعد کی بہت سی کتب فارسی زبان میں ہیں اس کی کے باعث ہمارے اکثر طلبہ نحو میر ' صرف میر ' پنج گنج پڑھنے سے گریز کرتے ہیں حتی کہ آج سے دس سال قبل تمام مدارس میں میزان الصرف پڑھائی جاتی تھی وہ بھی اب تمام درس گاہوں میں ناپید ہوکر رہ گئی ہے۔

فی الحال مختصر قواعد فارسیہ طلبہ کی سہولت و استفادہ کے لئے حاضر ہے انشاء اللہ العزیز عنقریب مزید قواعد جمع کرنے کا ارادہ ہے اللہ تعالیٰ مجھے ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے اور میرے علم و عمل اور قلم میں برکت و قوت دے اور طلباء کو اس سے بھرپور فائدہ پہنچائے۔ (آمین بجاہ سید المرسلین)

عطاء المصطفیٰ الاعظمی
خادم دار العلوم امجدیہ
۴ رجمادی الثانی ۱۴۱۴ھ
۲۱ اکتوبر ۱۹۹۳ء بروز جمعرات

تقدیم

حضرت مولانا حلیم احمد اشرفی
مدرس دار العلوم امجدیہ

موجودہ دور میں ہر شعبہ زندگی میں سہل انگاری ' محنت و دقتکاری سے گریز کا جذبہ عام ہو چکا ہے۔ کام کم اور ثمر زیادہ حاصل کرنے کی دھن سب پر سوار ہے اسی لئے مشکل کو آسان بلکہ آسان تر کرنے کا عمل چہار سو جاری ہے۔

زبان فارسی جو بڑی پیاری زبان ہے۔ اس زبان میں علوم و فنون کے بیشمار و بے بہا خزینے ہیں۔ حضرت علامہ عبدالحق محدث دھلوی علیہ رحمتہ الباری کی تصانیف اشعتہ اللمعات ' مدارج النبوۃ وغیرھا اسی زبان میں ہیں۔ تصوف کی کتابیں مثلاً مشہور عالم کتاب مثنوی مولانا رومی ' حضرت جامی کی نادر و بدیع تالیف یوسف زلیخا۔ نظامی کا سکندر نامہ۔ کلیلہ دمنہ ' بہار دانش وغیرہ اسی زبان میں ہیں۔ ہماری درسی کتابوں کے حواشی اور کتب عربی کے حاشیہ پر مشکل الفاظ کی لغات بھی اسی زبان میں ہیں۔

لیکن مدارس کا رجحان زبان فارسی کی تعلیم کی طرف نہیں ہے۔ ایسا ذہن بنا لیا گیا ہے کہ یہ غیر اہم اور غیر ضروری ہے۔ اس لئے طلبہ عام طور پر اس علم کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ درانحالیکہ وسط ایشیا کے تمام ممالک کے ساتھ روابط کا یہ ایک اہم ذریعہ ہے۔ پاکستان میں لاکھوں افغانی مسلمان ہیں جن کی زبان فارسی ہے جبکہ کچھ بلوچ قبائل کی زبان بھی فارسی ہے طلبہ میں جن کو فارسی کی تحصیل کا شوق ہوتا ہے ان کو علم فارسی سکھانے والی حسب

پسند کتاب نہیں ملتی اسی ضرورت کے پیش نظر عزیز القدر مولانا عطاء المصطفیٰ صاحب اعظمی نے یہ کتاب تحریر کی ہے اور بڑے دل نشین پیرائے میں قواعد و ضوابط لکھے ہیں کہ تھوڑی سی محنت سے طالب علم زیادہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کتاب کی زبان سہل، آسان اسلوب بیان قابل تحسین و امتنان ہے رب العزت مولانا کی سعی مسعود کو مقبول و محمود بنا دے وھو الموفق و المستعان

طلبائے کرام سے میری ایک مختصر گذارش ہے کہ محنت کریں۔ دل لگائیں۔ تحصیل علم میں کدوکاوش کریں۔ دنیا بہت تیز رفتار بلکہ برق رفتار ہوچکی ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ۔

رفتم کہ خار از پا کشم محمل نہاں شد از نظر
یک لحہ غافل بودم و صد سالہ راہم دور شد

بندۂ عاصی۔ آسی رحمت باری
حلیم احمد اشرفی
۲۲ر جمادی الثانی ۱۴۱۶ھ
بمطابق ۱۶ر نومبر ۱۹۹۵ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبق نمبر(۱)

باسمہ تعالیٰ

نحمدہ ونصلی علیٰ حبیبہ الکریم

فارسی اصطلاحات

مختلف اصطلاحات کی تفصیل درج ذیل ہے

صیغہ۔۔۔بامعنی لفظ کو کہتے ہیں

واحد۔۔۔ایک کو

جمع۔۔۔ایک سے زیادہ کو

غائب۔۔۔جو سامنے موجود نہ ہو۔

حاضر۔۔۔جو سامنے موجود ہو۔

متکلم۔۔۔بات کرنے والا۔

زمانہ۔۔۔وقت کو کہتے ہیں

زمانہ کی تین قسمیں ہیں

ماضی۔۔۔گزرا ہوا زمانہ جیسے زد (اس نے مارا)

حال۔۔۔موجودہ زمانہ جیسے می گوید (وہ کہتا ہے)

مستقبل۔۔۔آنے والا زمانہ جیسے خواہد رفت (وہ جائے گا)

فعل۔۔۔ کام کو کہتے ہیں جس سے زمانہ ظاہر ہو جیسے خواند (اس نے پڑھا)

فاعل۔۔۔ کام کرنے والا جیسے بکر گوید (بکر کہے)

مفعول۔۔۔ جس پر کام واقع ہو جیسے زید نے خالد کو مارا۔

فعل لازم۔۔۔ وہ فعل (کام) جو صرف فاعل (کام کرنے والے) پر پورا ہو جائے جیسے بکر آیا۔

فعل متعدی۔۔۔ وہ کام جو فاعل اور مفعول دونوں سے مل کر پورا ہو جیسے زید نے بکر کو پالا۔

فعل معروف۔۔۔ وہ کام جس کا کرنے والا معلوم ہو۔ جیسے زید نے کہا۔

فعل مجہول۔۔۔ وہ کام جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے زید مارا گیا۔

مثبت۔۔۔ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا سمجھا جائے جیسے اس نے پڑھا۔

منفی۔۔۔ جس سے کسی کام کا نہ ہونا یا نہ کرنا معلوم ہو جیسے زید نہیں گیا۔

حرکت۔۔۔ زیر' زبر' پیش کو کہتے ہیں

سبق نمبر (۲)

مصدر کا بیان

مصدر۔۔۔ وہ لفظ ہے جس سے دوسرے لفظ بنیں۔ فارسی میں مصدر کے آخر میں "دن" یا "تن" ہوتا ہے اور اردو میں "نا" ہوتا ہے جیسے "خوردن" کھانا "خفتن" سونا۔

مصدر سے کل چھ فعل نکلتے ہیں جن کو ہم علیحدہ علیحدہ سبق میں تفصیل کے ساتھ بیان کریں گے۔

ماضی' حال' مضارع' مستقبل' امر' نہی

ان تمام فعلوں کے چھ چھ صیغے آتے ہیں' واحد غائب' جمع غائب' واحد حاضر' جمع حاضر' واحد متکلم' جمع متکلم

ہر صیغے کی پہچان نیچے نقشے میں درج ہے۔ علامت کے تمام حروف ساکن ہوتے ہیں۔

صیغوں کی علامتیں

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
علامت	ت۔د	ند	ی	ید	م	یم
مثال	گفت۔برد	بردند	بردی	بردید	بردم	بردیم
معنی	وہ لے گیا	وہ لے گئے	تو لے گیا	تم لے گئے	میں لے گیا	ہم لے گئے

سوالات

(۱) گردن' برتن' مصدر ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں جبکہ ان کے آخر میں مصدر کی علامت موجود ہے

(۲) خفتن' خوردن سے ماضی کے تمام صیغے بناؤ

(۳) پروردی' گفتید کونسے صیغے ہیں؟

(۴) جمع غائب کی علامت بتاؤ

(۵) کرد سے جمع حاضر کا صیغہ بناؤ

(٦) پروردند کیا صیغہ ہے؟

(۷) آمد' خواند' گفتیم کیا صیغہ ہیں؟

سبق نمبر(۴)

فعل ماضی کا بیان

ماضی (گزرا ہوا زمانہ) کی چھ قسمیں ہیں ماضی مطلق، ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی استمراری، ماضی احتمالی، ماضی تمنائی

ماضی مطلق

فعل ماضی مطلق...وہ فعل(کام) ہے جو گزرے ہوئے زمانہ میں کیا گیا ہو لیکن یہ نہ معلوم ہو کہ اس کام کو ہوئے تھوڑا عرصہ گزرا ہے یا زیادہ

ماضی مطلق بنانے کا طریقہ...مصدر کے آخر سے نون اور اس سے پہلے زبر گرا کر ماضی مطلق بناتے ہیں یہ واحد غائب کا صیغہ ہو گیا اور بقیہ صیغوں میں ان کی علامتیں ملاؤ جیسے خفتن سے خفت

اردو میں ماضی مطلق بنانے کا طریقہ...اردو میں مصدر کے آخر سے نا گرا دیں پھر اگر الف یا واؤ ہو تو لفظ یا زیادہ کردیں جیسے کھانا سے کھایا، دھونا سے دھویا اور کبھی واؤ میں الف زیادہ کرتے ہیں جیسے ہونا سے ہوا، کھڑے ہونا سے کھڑا ہوا اور اس کے علاوہ کوئی اور حرف ہو تو الف زیادہ کردیں جیسے پالنا سے پالا

فعل ماضی مطلق معروف کی گردان

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	کرد	کردند	کردی	کردید	کردم	کردیم
اردو	اس نے کیا	انہوں نے کیا	تونے کیا	تم نے کیا	میں نے کیا	ہم نے کیا

سوالات

(۱) ماضی مطلق کی تعریف مع مثال بیان کرو۔
(۲) ماضی مطلق بنانے کا طریقہ بتاؤ۔
(۳) اردو میں ماضی مطلق کیسے بناتے ہیں؟
(۴) گفتید کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ؟
(۵) خوردن سے فعل ماضی مطلق کے واحد حاضر کا صیغہ بناؤ۔
(۶) جمع متکلم کی علامت بتاؤ؟
(۷) کرد سے واحد حاضر کا صیغہ بتاؤ؟
(۸) نوشید سے ماضی مطلق کی گردان کرو
(۹) فعل ماضی کی قسمیں بیان کرو

مشق کے لئے چند مصادر اور ان کے معنی

دادن	دانستن	نوشتن	خواندن	رفتن	درخشیدن	نوشیدن
دینا	جاننا	لکھنا	پڑھنا	جانا، چلنا	چمکنا	پینا

اردو میں ترجمہ کرو

دادیم، نوشتی، رفتند، خواندم، دانستید، درخشید، رفتید، داد، خواندی، نوشتید، درخشیدیم، دانستم

فارسی بناؤ

اس نے پڑھا، تم نے لکھا، میں نے دیا، تم گئے، ہم نے جانا، انہوں نے پڑھا، تو گیا، وہ چمکا، ہم نے لکھا، تم نے دیا، انہوں نے جانا، میں چمکا

سبق نمبر (۴)

فعل ماضی مجہول

ماضی مجہول...وہ فعل ہے جس کا زمانہ گزشتہ میں ہونا معلوم ہو لیکن اس کے فاعل (کرنے والے) کا پتہ نہ ہو

ماضی مجہول بنانے کا طریقہ...فعل ماضی معروف کے آخر میں "ہ شد" زیادہ کر دینے سے ماضی مجہول بن جاتا ہے جیسے کرد سے کردہ شد اور صیغوں کی علامتیں شد میں ہی زیادہ کر دیتے ہیں اور اردو میں گیا زیادہ کر دینے سے مجہول بن جاتا ہے جیسے کیا سے کیا گیا

فائدہ...فعل مجہول ہمیشہ فعل متعدی سے آتا ہے

فعل مطلق مجہول کی گردان

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	کردہ شد	کردہ شدند	کردہ شدی	کردہ شدید	کردہ شدم	کردہ شدیم
اردو	وہ کیا گیا	وہ کیے گئے	تو کیا گیا	تم کیے گئے	میں کیا گیا	ہم کیے گئے

سوالات

(۱) ماضی معروف و مجہول کی تعریف کرو

(۲) ماضی مجہول کیسے بناتے ہیں

(۳) ماضی مطلق کی تعریف مع قاعدہ بیان کرو

(۴) ماضی مجہول میں صیغوں کی علامتیں کہاں ہوتی ہیں۔

(۵) ہم نے رکھا کی فارسی بناؤ

(۶) خواندہ شدی کا ترجمہ کرو

(۷) دادہ شدم کا ترجمہ اور صیغہ بتاؤ

(۸) نوشتیم کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

فارسی	خوردن	گفتن	نوشیدن	شستن	پروردن	بریدن
اردو	کھانا	کہنا	پینا	دھونا	پالنا	کاٹنا

اردو میں ترجمہ کرو

خوردہ شدی' گفتیم' بریدہ شدید' پرودہ شدند' شستہ شدم' پروردی' گفتید' شستہ شدید' نوشیدہ شدند' خوردہ شدید' بریدی' نوشیدیم

فارسی بناؤ

تم گئے' وہ پالا گیا' تو نے کہا' میں نے دھویا' وہ کاٹے گئے' ہم کہے گئے' تو دھویا گیا' میں پالا گیا' ہم نے کھایا' تم نے پیا' وہ کیا گیا' انہوں نے لکھا

سبق نمبر (۵)

فعل ماضی منفی

فعل ماضی منفی بنانے کا قاعدہ...فعل مثبت کے پہلے نون بڑھا کر ماضی منفی بناتے ہیں جیسے "کرد" سے "نکرد" اس نے نہیں کیا

اردو میں فعل منفی بنانے کا طریقہ....اردو میں فعل میں مثبت کے شروع میں نہیں یا نہ لگا دینے سے ماضی منفی بن جاتا ہے جیسے کھایا سے نہیں کھایا یا نہ کھایا

فعل ماضی مطلق منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکرد	نکردند	نکردی	نکردید	نکردم	نکردیم
اس نے نہیں کیا	انہوں نے نہیں کیا	تو نے نہیں کیا	تم نے نہیں کیا	میں نے نہیں کیا	ہم نے نہیں کیا

فعل ماضی مطلق منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ شد	نکردہ شدند	نکردہ شدی	نکردہ شدید	نکردہ شدم	نکردہ شدیم
وہ نہیں کیا گیا	وہ نہیں کئے گئے	تو نہیں کیا گیا	تم نہیں کئے گئے	میں نہیں کیا گیا	ہم نہیں کئے گئے

سوالات

(۱) ماضی منفی کی تعریف کرو؟
(۲) گفت سے ماضی منفی معروف و مجہول کی گردان کرو
(۳) ماضی منفی کیسے بناتے ہیں؟
(۴) خوردہ شد کونسا صیغہ ہے معنی کے ساتھ بتاؤ؟
(۵) دادن سے ماضی مطلق معروف کی گردان معنی کے ساتھ کرو۔
(۶) "تم نہیں پالے گئے" کی فارسی بناؤ؟
(۷) نوشیدہ شدی کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ؟
(۸) مثبت اور منفی میں کیا فرق ہے؟

(۹) نبردہ شد کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ؟

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

پسندیدن	سپردن	زیستن	بخشیدن	آراستن	برداشتن
پسند کرنا	سپرد کرنا	جینا	بخشنا، رحم کرنا	سنوارنا	اٹھانا

اردو میں ترجمہ کرو

پسندیدہ شدی، بخشیدہ شدم، نگفتید، نبرداشتہ شدند، سپردیم، زیست، بخشیدہ شدید، نپسندید، نخوردیم، آراستہ شدند

فارسی بناؤ

میں نے نہیں کھایا، وہ نہیں کھایا گیا، وہ نہیں سنوارا گیا، تم بخشے گئے، ہم نہیں پسند کئے گئے، اس نے نہیں اٹھایا، وہ سپرد کئے گئے، میں نہیں جیا، تو نہیں بخشا گیا، اس نے نہیں پڑھا، تم نہیں سنوارے گئے، ہم نے نہیں لکھا

سبق نمبر (۶)

فعل ماضی قریب

ماضی قریب... وہ فعل ہے جو قریب کے گزرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو

ماضی قریب بنانے کا طریقہ... ماضی مطلق کے آخر میں ہ است زیادہ کر کے ماضی قریب بناتے ہیں جیسے کردہ است

تنبیہ...ماضی قریب مجہول میں ہ است، ہ شدہ کے بعد زیادہ کرتے ہیں۔

اردو میں ماضی قریب بنانے کا طریقہ.....ماضی مطلق کے آخر میں ہے بڑھا کر ماضی قریب بناتے ہیں جیسے کھایا سے کھایا ہے

فعل ماضی قریب مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ است	کردہ اند	کردہ ای	کردہ اید	کردہ ام	کردہ ایم
اس نے کیا ہے	انہوں نے کیا ہے	تو نے کیا ہے	تم نے کیا ہے	میں نے کیا ہے	ہم نے کیا ہے

فعل ماضی قریب مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ شدہ است	کردہ شدہ اند	کردہ شدہ ای	کردہ شدہ اید	کردہ شدہ ام	کردہ شدہ ایم
وہ کیا گیا ہے	وہ کئے گئے ہیں	تو کیا گیا ہے	تم کئے گئے ہو	میں کیا گیا ہوں	ہم کئے گئے ہیں

فعل ماضی قریب منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ است	نکردہ اند	نکردہ ای	نکردہ اید	نکردہ ام	نکردہ ایم
اس نے نہیں کیا ہے	انہوں نے نہیں کیا ہے	تو نے نہیں کیا ہے	تم نے نہیں کیا ہے	میں نے نہیں کیا ہے	ہم نے نہیں کیا ہے

فعل ماضی قریب منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ شدہ است	نکردہ شدہ اند	نکردہ شدہ ای	نکردہ شدہ اید	نکردہ شدہ ام	نکردہ شدہ ایم
وہ نہیں کیا گیا ہے	وہ نہیں کئے گئے ہیں	تو نہیں کیا گیا ہے	تم نہیں کئے گئے ہو	میں نہیں کیا گیا ہوں	ہم نہیں کئے گئے ہیں

سوالات

(۱) ماضی قریب و ماضی مطلق میں کیا فرق ہے؟

(۲) ماضی قریب بنانے کا کیا طریقہ ہے؟

(۳) ماضی قریب میں مجہول کی علامت کہاں لگاتے ہیں؟

(۴) شستہ شدہ اید کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۵) تو نے نہیں کھایا ہے کی فارسی بناؤ

(۶) وہ نہیں سنوارے گئے کی فارسی بناؤ

(۷) خواندہ شدہ ایم کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۸) ہم نہیں کئے گئے کی فارسی بناؤ

(۹) دادہ ای کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

آرامیدن	آموختن	پختن	آفریدن	آغازیدن	خواستن
آرام کرنا	سیکھنا، سکھانا	پکانا	پیدا کرنا	شروع کرنا	چاہنا

اردو میں ترجمہ کرو

آراسیدہ ای' خواستہ شدہ اند' پختہ است' آفریدہ شدہ ایم' نہ اموختہ اید' ستودہ شدہ اند' نخواستہ شدہ ای' خشیدہ شدہ اند' پُرورودہ است' آغازیدہ ایم

فارسی بناؤ

ہم نے سیکھا ہے' تم نہیں پالے گئے ہو' اس نے نہیں کھایا ہے' تو نے پکایا ہے' میں نے آرام نہیں کیا ہے' وہ چاہے گئے ہیں' ہم نہیں سکھائے گئے ہیں' تم دیے گئے ہو' میں نہیں سنوارا گیا ہوں' انہوں نے پڑھا ہے

سبق نمبر(۷)

فعل ماضی بعید

<u>ماضی بعید</u>... وہ فعل ہے جو دور کے گزرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو۔

<u>ماضی بعید بنانے کا طریقہ</u>... ماضی مطلق کے آخر میں ہ بود زیادہ کر کے ماضی بعید بناتے ہیں جیسے کرد سے کردہ بود (اس نے کیا تھا)

تنبیہہ... ماضی بعید مجہول میں ہ بود سے پہلے ہ شد زیادہ کریں گے جیسے کردہ شدہ بود (وہ کیا گیا تھا)

<u>اردو میں ماضی بعید بنانے کا طریقہ</u>... اردو میں ماضی مطلق کے آخر میں تھا بڑھا کر ماضی بعید بناتے ہیں جیسے کیا سے کیا تھا

فعل ماضی بعید مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ بود	کردہ بودند	کردہ بودی	کردہ بودید	کردہ بودم	کردہ بودیم
اس نے کیا تھا	انہوں نے کیا تھا	تو نے کیا تھا	تم نے کیا تھا	میں نے کیا تھا	ہم نے کیا تھا

فعل ماضی بعید مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ شدہ بود	کردہ شدہ بودند	کردہ شدہ بودی	کردہ شدہ بودید	کردہ شدہ بودم	کردہ شدہ بودیم
وہ کیا گیا تھا	وہ کیے گئے تھے	تو کیا گیا تھا	تم کیے گئے تھے	میں کیا گیا تھا	ہم کیے گئے تھے

فعل ماضی بعید منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ بود	نکردہ بودند	نکردہ بودی	نکردہ بودید	نکردہ بودم	نکردہ بودیم
اس نے نہیں کیا تھا	انہوں نے نہیں کیا تھا	تو نے نہیں کیا تھا	تم نے نہیں کیا تھا	میں نے نہیں کیا تھا	ہم نے نہیں کیا تھا

فعل ماضی بعید منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ شدہ بود	نکردہ شدہ بودند	نکردہ شدہ بودی	نکردہ شدہ بودید	نکردہ شدہ بودم	نکردہ شدہ بودیم
وہ نہیں کیا کیا تھا	وہ نہیں کیے گئے تھے	تو نہیں کیا کیا تھا	تم نہیں کیے گئے تھے	میں نہیں کیا کیا تھا	ہم نہیں کیے گئے تھے

سوالات

(۱)ماضی بعید و ماضی مطلق میں کیا فرق تھا؟

(۲)ماضی بعید بنانے کا کیا طریقہ ہے؟

(۳)ماضی بعید میں مجہول کی علامت کہاں لگاتے ہیں؟

(۴)شستہ شدہ بودید کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۵)تو نے نہیں کھایا تھا کی فارسی بناؤ

(۶)وہ نہیں سنوارے گئے تھے کی فارسی بناؤ

(۷)خوردہ شدہ بودیم کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۸)ہم نہیں کئے گئے تھے کی فارسی بناؤ

(۹)دادہ بودی کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

شنیدن	نوازیدن	آوردن	اندوختن	پاشیدن	داشتن
سننا	نوازنا	لانا	جمع کرنا	چھڑکنا	رکھنا

اردو میں ترجمہ کرو

داشتہ بودم'' اندوختہ شدہ بودی' نواختہ شدہ بودید' شنیدہ بودم' بخشیدہ شدہ بود' پاشیدہ شدہ بودی' نواختہ شدہ بودیم' آرامیدہ بودید' آوردہ شدہ بودم' اندوختہ بودند

فارسی بناؤ

وہ لائے گئے تھے' تم نے پالا تھا' میں نے رکھا تھا' ہم نوازے گئے تھے' وہ لائے گئے تھے' تو نے سنا تھا' میں نے نہیں کھایا تھا' تم نے جمع کیا تھا' وہ نوازا گیا تھا' ہم نہیں لائے گئے تھے' انہوں نے نہیں سنا تھا

فعل ماضی استمراری

ماضی استمراری... وہ کام جو گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا ہو اور اسمیں ہمیشگی ہو--- اس کو ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں ---

ماضی استمراری بنانے کا طریقہ... ماضی مطلق کے شروع میں می یا ہمی زیادہ کرکے ماضی استمراری بناتے ہیں جیسے کرد سے می کرد یا ہمی کرد وہ کرتا تھا

تنبیہہ... ماضی استمراری مجہول میں ہ شد کے درمیان می یا ہمی زیادہ کریں گے

اردو میں ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ... مصدر سے "نا" دور کرکے "تا تھا" لگا کر ماضی استمراری بناتے ہیں جیسے کرنا سے کرتا تھا

فعل ماضی استمراری مثبت معروف کی گردان

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	می کرد	می کردند	می کردی	می کردید	می کردم	می کردیم
اردو	وہ کرتا تھا	وہ کرتے تھے	تو کرتا تھا	تم کرتے تھے	میں کرتا تھا	ہم کرتے تھے

فعل ماضی استمراری مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ می شد	کردہ می شدند	کردہ می شدی	کردہ می شدید	کردہ می شدم	کردہ می شدیم
وہ کیا جاتا تھا	وہ کئے جاتے تھے	تو کیا جاتا تھا	تم کئے جاتے تھے	میں کیا جاتا تھا	ہم کئے جاتے تھے

فعل استمراری منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نمی کرد	نمی کردند	نمی کردی	نمی کردید	نمی کردم	نمی کردیم
وہ نہیں کرتا تھا	وہ نہیں کرتے تھے	تو نہیں کرتا تھا	تم نہیں کرتے تھے	میں نہیں کرتا تھا	ہم نہیں کرتے تھے

فعل ماضی استمراری منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ نمی شد	کردہ نمی شدند	کردہ نمی شدی	کردہ نمی شدید	کردہ نمی شدم	کردہ نمی شدیم
وہ نہیں کیا جاتا تھا	وہ نہیں کئے جاتے تھے	تو نہیں کیا جاتا تھا	تم نہیں کئے جاتے تھے	میں نہیں کیا جاتا تھا	ہم نہیں کئے جاتے تھے

سوالات

(۱) ماضی استمراری و ماضی مطلق میں کیا فرق ہے؟

(۲) ماضی استمراری مجہول بنانے کا کیا طریقہ ہے؟

(۳) اندوخت سے ماضی استمراری مثبت و منفی معروف کی گردان کرو۔

(۴) ماضی استمراری بنانے کا طریقہ بتاؤ

(۵) بخشید سے ماضی استمراری مثبت و منفی اور معروف و مجہول کی گردان کرو۔

(۶) آوردہ نمی شدند کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۷) تم کھلائے جاتے تھے کی فارسی بتاؤ

(۸) آموختہ بودم کا ترجمہ کرو۔

(۹) تم [illegible] جاتے تھے کی فارسی بتاؤ۔

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

شناختن	خندیدن	نشستن	یافتن	رسیدن	بریدن
پہچاننا	ہنسنا	بیٹھنا	پانا	پہنچنا	کاٹنا

اردو میں ترجمہ کرو

می خندیدم، نمی نشستی، شناختہ می شد، دادہ نمی شدید، آموختہ است، نمی آموختیم، می رسیدند، نمی بریدی، شناختہ نمی شدید، نمی اندوختیم، می نشستم

فارسی بناؤ

ہم بیٹھتے تھے، وہ نہیں کھاتے تھے، تو کاٹتا تھا، میں نہیں ہنستا تھا، تم پہچانے جاتے تھے، وہ نہیں پاتا تھا، ہم نہیں پہچانے جاتے تھے۔

سبق نمبر(۹)

فعل ماضی احتمالی

فعل ماضی احتمالی... وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کام کے اندر شک پایا جائے اس کو ماضی شکی بھی کہتے ہیں۔

ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ... ماضی مطلق کے آخر میں ہ باشد زیادہ کر کے ماضی احتمالی بناتے ہیں جیسے کرد سے، کردہ باشد

تنبیہہ... ماضی احتمالی مجہول میں ہ باشد سے پہلے ہ شد زیادہ کریں گے جیسے کردہ شدہ باشد

اردو میں ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ...اردو میں ماضی مطلق کے آخر میں ہوگا بڑھا کر ماضی احتمالی بناتے ہیں جیسے کیا سے کیا ہوگا

فعل ماضی احتمالی مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کرده باشد	کرده باشند	کرده باشی	کرده باشید	کرده باشم	کرده باشیم
اس نے کیا ہوگا	انہوں نے کیا ہوگا	تو نے کیا ہوگا	تم نے کیا ہوگا	میں نے کیا ہوگا	ہم نے کیا ہوگا

فعل ماضی احتمالی مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کرده شده باشد	کرده شده باشند	کرده شده باشی	کرده شده باشید	کرده شده باشم	کرده شده باشیم
وہ کیا گیا ہوگا	وہ کیے گئے ہوں گے	تو کیا گیا ہوگا	تم کیے گئے ہوگے	میں کیا گیا ہونگا	ہم کیے گئے ہونگے

فعل ماضی احتمالی منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکرده باشد	نکرده باشند	نکرده باشی	نکرده باشید	نکرده باشم	نکرده باشیم
اس نے نہیں کیا ہوگا	انہوں نے نہیں کیا ہوگا	تو نے نہیں کیا ہوگا	تم نے نہیں کیا ہوگا	میں نے نہیں کیا ہوگا	ہم نے نہیں کیا ہوگا

فعل ماضی احتمالی منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکرده شده باشد	نکرده شده باشند	نکرده شده باشی	نکرده شده باشید	نکرده شده باشم	نکرده شده باشیم
وہ نہیں کیا گیا ہوگا	وہ نہیں کیے گئے ہونگے	تو نہیں کیا گیا ہوگا	تم نہیں کیے گئے ہوگے	میں نہیں کیا گیا ہوں گا	ہم نہیں کیے گئے ہونگے

سوالات

(۱) ماضی احتمالی و ماضی بعید میں کیا فرق ہے؟
(۲) ماضی احتمالی مجہول کیسے بناتے ہیں؟
(۳) آمدن سے ماضی احتمالی کی چاروں گردانیں کرو
(۴) رفت سے جمع حاضر ماضی احتمالی منفی مجہول کیا ہوگا۔
(۵) یافتہ شدہ باشی کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ
(۶) میں نے نہیں کاٹا ہوگا کی فارسی بناؤ
(۷) نخوردہ شدہ باشیم کا ترجمہ کرو۔
(۸) تم پالے گئے کی فارسی بناؤ
(۹) نخوردہ باشم کا ترجمہ کرو

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

دیدن	چریدن	بستن	رمیدن	ساختن	آزاریدن
دیکھنا	چرنا	باندھنا	بھاگنا	بنانا	ستانا

اردو میں ترجمہ کرو

رسیدہ باشید، ساختہ باشیم، ندیدہ شدہ باشی، آزاریدہ شدہ باشم، بستہ شدہ باشد، نخواندہ باشی، دیدہ باشیم، رمیدہ باشید، نچریدہ شدہ باشند، نساختہ شدہ باشد

اس نے دیکھا تھا' تو نے بنایا' میں ستایا گیا ہونگا' تم باندھے نہیں گئے ہوگے' ہم نے بنایا ہوگا' تو نہیں بھاگا ہوگا' میں نے کہا ہوگا' تم نے کھایا ہوگا' وہ نہیں ستایا گیا ہوگا' تو باندھا گیا ہوگا۔

سبق نمبر(۱۰)

فعل ماضی تمنائی

ماضی تمنائی...جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کی آرزو کی جائے

ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ...ماضی مطلق کے آخر میں یائے مجہول (ے) زیادہ کر کے ماضی تمنائی کے تین صیغے (واحد غائب' جمع غائب' واحد متکلم) بناتے ہیں اور بقیہ تینوں صیغوں (واحد حاضر' جمع حاضر' جمع متکلم) میں ماضی مطلق کے شروع میں کاش کہ (کیا اچھا ہوتا کہ) بڑھاتے ہیں کہ ان صیغوں میں "ے" کی ادائیگی دشوار ہے

۱..اردو میں ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ...مصدر سے "نا" دور کر کے "تا" بڑھا کر ماضی تمنائی بناتے ہیں جیسے کرنا سے کرتا

۲..یائے مجہول..اس یا کو کہتے ہیں جس سے پہلے زیر ہو اور خوب ظاہر ہوکر پڑھی جائے جیسے بے' لے وغیرہ کی یا

فعل ماضی تمنائی مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردے	کردندے	کاشکہ کردی	کاشکہ کردید	کردمے	کاشکہ کردیم
کاش کہ وہ کرتا	کاش کہ وہ کرتے	کاش کہ تو کرتا	کاش کہ تم کرتے	کاش کہ میں کرتا	کاش کہ ہم کرتے

فعل ماضی تمنائی مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ شدے	کردہ شدندے	کاشکہ کردہ شدی	کاشکہ کردہ شدید	کردہ شدمے	کاشکہ کردہ شدیم
کاش کہ وہ کیاجاتا	کاش کہ وہ کئے جاتے	کاش کہ تو کیاجاتا	کاش کہ تم کئے جاتے	کاش کہ میں کیاجاتا	کاش کہ ہم کئے جاتے

فعل ماضی تمنائی منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردے	نکردندے	کاش کہ نکردندی	کاش کہ نکردید	نکردمے	کاش کہ نکردیم
کاش کہ وہ نہیں کرتا	کاش کہ وہ نہیں کرتے	کاش کہ تو نہیں کرتا	کاش کہ تم نہیں کرتے	کاش کہ میں نہیں کرتا	کاش کہ ہم نہیں کرتے

فعل ماضی تمنائی منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ شدے	نکردہ شدندے	کاش کہ نکردہ شدی	کاش کہ نکردہ شدید	نکردہ شدمے	کاش کہ نکردہ شدیم
کاش کہ وہ نہ کیا جاتا	کاش کہ وہ نہ کئے جاتے	کاش کہ تو نہ کیا جاتا	کاش کہ تم نہ کئے جاتے	کاش کہ میں نہ کیا جاتا	کاش کہ ہم نہ کئے جاتے

سوالات

(۱) ماضی استمراری و تمنائی میں کیا فرق ہے؟
(۲) ماضی تمنائی کی تعریف کرو؟
(۳) ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ بیان کرو۔
(۴) دیدن سے ماضی تمنائی کے چاروں گردان بیان کرو۔
(۵) خوردہ شدند سے کیا صیغہ ہے اس کا معنی بھی بتاؤ۔
(۶) کیا اچھا ہوتا کہ تم بناتے کی فارسی بتاؤ۔
(۷) کاش کہ بخشیدہ شدیم کا ترجمہ کرو؟
(۸) شناختن سے ماضی تمنائی منفی مجہول کی گردان معنی کے ساتھ کرو؟
(۹) ماضی تمنائی کے دو قاعدے کیوں بیان کئے گئے؟

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

فروختن	استادن	پیوستن	فہمیدن	کوفتن	خریدن
بیچنا	کھڑا ہونا	ملانا، ملنا	سمجھنا	کوٹنا	خریدنا

اردو میں ترجمہ کرو

فروختندے، کاش کہ پیوستہ شدیم، نکوفتے، پیوستہ باشند، گفتہ نمی شدم، کاش کہ استادہ شدہ ای، خریدندے، نفروختے، تفہمیدہ شدندے، کاش کہ کوفتی، کوفتہ شدند

فارسی بناؤ

کیا اچھا ہوتا کہ تم بیچتے، تو نے خریدا تھا، وہ کہا جاتا تھا، کاش کہ میں نہ کھڑا ہوتا، کیا اچھا ہوتا کہ وہ سمجھائے جاتے، ہم نے ملایا ہوگا، کاش کہ تم کھڑے نہ ہوتے، تو خریدا گیا ہے

سبق نمبر (۱۱)

مضارع کا بیان

مضارع... مضارع وہ فعل ہے جو موجودہ یا آئندہ زمانے میں کیا جائے

مضارع بنانے کا طریقہ... مضارع معروف بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں بس اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ صیغہ واحد غائب کے آخر میں دال (د) ساکن اور اس سے پہلے زبر ہوتا ہے اور باقی صیغوں میں دال "د" کی جگہ صیغوں کی علامتیں ہونگی جیسے پروردن سے پَرْوَرَدْ

اردو میں مضارع بنانے کا طریقہ... اردو میں مصدر سے "نا" دور کرکے یائے مجہول لگا کر مضارع بناتے ہیں۔ کرنا سے کرے اور کرتا ہے یا کرے گا بھی کہہ سکتے ہیں

مضارع مجہول بنانے کا طریقہ... ماضی مطلق کے آخر میں ہ شَوَدْ زیادہ کرکے مضارع مجہول بناتے ہیں جیسے کرد سے کردہ شود

فعل مضارع مثبت معروف کی گردان

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	پرورد	پرورند	پروری	پرورید	پرورم	پروریم
اردو	وہ پالے	وہ پالیں	تو پالے	تم پالو	میں پالوں	ہم پالیں

فعل مضارع مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ شود	کردہ شوند	کردہ شوی	کردہ شوید	کردہ شوم	کردہ شویم
وہ کیا جائے	وہ کئے جائیں	تو کیا جائے	تم کئے جاؤ	میں کیا جاؤں	ہم کئے جائیں

فعل مضارع منفی معروف کی گردان

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فارسی	نبرد	نبرند	نبری	نبرید	نبرم	نبریم
اردو	وہ نہ کاٹے	وہ نہ کاٹیں	تو نہ کاٹے	تم نہ کاٹو	میں نہ کاٹوں	ہم نہ کاٹیں

فعل مضارع منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نداده شود	نداده شوند	نداده شوی	نداده شوید	نداده شوم	نداده شویم
وہ نہ دیا جائے	وہ نہ دئے جائیں	تو نہ دیا جائے	تم نہ دئے جاؤ	میں نہ دیا جاؤں	ہم نہ دئے جائیں

سوالات

(۱) مضارع کی تعریف کرو۔

(۲) مضارع معروف و مجہول میں کیا فرق ہے۔

(۳) کنی کیا صیغہ ہے

(۴) ہم نہ جائیں کی فارسی بناؤ

(۵) شناشد کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ

(۶) ہم نہ پالے جائیں کی فارسی بناؤ

(۷) ماضی مطلق، مضارع میں کیا فرق ہے؟

(۸) گوید سے مضارع کی چاروں گردانیں بناؤ

(۹) نوشد سے واحد متکلم کا صیغہ بناؤ

مشق کے لئے چند مصادر کے مضارع اور ان کے معنی...

خواند	نویسد	بخشد	فہمد	کند	آید
وہ پڑھے	وہ لکھے	وہ بخشے	وہ سمجھے	وہ کرے	وہ آئے

اردو میں ترجمہ کرو

گفتہ شوید، بخشیدہ شویم، پروردہ شوید، گوید، نخوری، نوشتہ شوند، گوئی، فہمیدہ شویم، کنید، آوردہ شوند

فارسی بناؤ

میں بخشا جاؤں، تو نہ لکھے، وہ نہ آئیں، تم کھاؤ، ہم نہ کہیں، وہ نہ مارا جائے، وہ نہ پہچانے جائیں، میں بلایا جاؤں، وہ پالتے ہیں

سبق نمبر (۱۲)

حال کا بیان

حال... حال وہ فعل ہے جو موجودہ زمانے میں کیا جائے

فعل حال معروف بنانے کا طریقہ... فعل مضارع کے شروع میں

می یا ہمی زیادہ کرکے فعل حال بناتے ہیں جیسے کند سے می کند یا ہمی کند وہ کرتا ہے گوید سے می گوید وہ کہتا ہے۔

اردو میں حال بنانے کا طریقہ...اردو میں مصدر سے "نا" دور کرکے "تا ہے" لگا کر حال بناتے ہیں جیسے کرنا سے کرتا ہے۔

حال مجہول بنانے کا طریقہ...شود کے درمیان می یا ہمی زیادہ کرکے حال مجہول بناتے ہیں جیسے کرد سے کردہ می شود یا کردہ ہمی شود

فعل حال مثبت معروف کی گردان

جمع متکلم	واحد متکلم	جمع حاضر	واحد حاضر	جمع غائب	واحد غائب	صیغہ
می کنیم	می کنم	می کنید	می کنی	می کنند	می کند	فارسی
ہم کرتے ہیں	میں کرتا ہوں	تم کرتے ہو	تو کرتا ہے	وہ کرتے ہیں	وہ کرتا ہے	اردو

فعل حال مثبت مجہول کی گردان

جمع متکلم	واحد متکلم	جمع حاضر	واحد حاضر	جمع غائب	واحد غائب
کردہ می شویم	کردہ می شوم	کردہ می شوید	کردہ می شوی	کردہ می شوند	کردہ می شود
ہم کئے جاتے ہیں	میں کیا جاتا ہوں	تم کئے جاتے ہو	تو کیا جاتا ہے	وہ کئے جاتے ہیں	وہ کیا جاتا ہے

فعل حال منفی معروف کی گردان

جمع متکلم	واحد متکلم	جمع حاضر	واحد حاضر	جمع غائب	واحد غائب	صیغہ
نمی کنیم	نمی کنم	نمی کنید	نمی کنی	نمی کنند	نمی کند	فارسی
ہم نہیں کرتے ہیں	میں نہیں کرتا ہوں	تم نہیں کرتے ہو	تو نہیں کرتا ہے	وہ نہیں کرتے ہیں	وہ نہیں کرتا ہے	اردو

فعل حال منفی مجہول کی گردان

جمع متکلم	واحد متکلم	جمع حاضر	واحد حاضر	جمع غائب	واحد غائب
کردہ نمی شویم	کردہ نمی شوم	کردہ نمی شوید	کردہ نمی شوی	کردہ نمی شوند	کردہ نمی شود
ہم نہیں کئے جاتے ہیں	میں نہیں کیا جاتا ہوں	تم نہیں کئے جاتے ہو	تو نہیں کیا جاتا ہے	وہ نہیں کئے جاتے ہیں	وہ نہیں کیا جاتا ہے

سوالات

(۱) فعل حال اور فعل مضارع میں کیا فرق ہے؟
(۲) فعل حال معروف و مجہول میں فرق بتائیے
(۳) آوردن سے فعل حال کی چاروں گردان کرو؟
(۴) وہ نہیں کئے جاتے ہیں کی فارسی بناؤ
(۵) ہمی خورید کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ؟
(۶) نمی خوریم کا ترجمہ کرو
(۷) گفتن سے فعل حال معروف و مجہول کی گردان کرو
(۸) طلبیدہ نمی شوید کیا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ
(۹) تم نہیں پالے جاتے ہو کی فارسی بناؤ

مشق کے لئے چند مصادر کے مضارع اور ان کے معنی...

آساید	بارد	پالاید	پسندد	چشد	رسد
وہ آرام کرے	وہ برسائے برسے	وہ صاف کرے	وہ پسند کرے	وہ چکھے	وہ پہنچے

اردو میں ترجمہ کرو

می پالایم، پسندیدہ نمی شوید، نمی رسیدم، برسم، بخشیدہ می شوم، می آسایند، طلبیدہ می شویم، نمی خورند، [illegible] می شوند

فارسی بناؤ

ہم بلائے جاتے ہیں، وہ نہیں پہچانے جاتے ہیں، میں کرتا ہوں، وہ آرام نہیں کرتا ہے، تم پسند نہیں کئے جاتے ہو، تو نہیں صاف کرتا ہے، میں نہیں پہنچتا ہوں، وہ چکھتے ہیں، تم پڑھتے ہو

سبق نمبر (۱۴)

فعل مستقبل کا بیان

فعل مستقبل...وہ فعل ہے جس سے زمانہ آئندہ میں کسی کام کا ہونا سمجھا جائے

فعل مستقبل معروف بنانے کا طریقہ...ماضی مطلق کے شروع میں لفظ "خواہد" زیادہ کرکے فعل مستقبل بناتے ہیں جیسے کرد سے خواہد کرد وہ کرے گا

فعل مستقبل مجہول بنانے کا طریقہ... مستقبل مجہول لفظ خواہد "ہ" اور "شد" کے درمیان زیادہ کرتے ہیں جیسے کردہ خواہد شد وہ کیا جائے گا

تنبیہ...تمام صیغوں کی علامتیں لفظ خواہد میں لگاتے ہیں جیسے خواہد کرد۔ خواہند کرد الخ یعنی خواہد کی گردان ہوتی ہے اور ماضی کا لفظ اپنے حال پر رہتا ہے

اردو میں فعل مستقبل بنانے کا طریقہ...اردو میں فعل مضارع کے آخر میں لفظ گا زیادہ کرتے ہیں جیسے کرے سے کرے گا

فعل مستقبل مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
خواہد کرد	خواہند کرد	خواہی کرد	خواہید کرد	خواہم کرد	خواہیم کرد
وہ کرے گا	وہ کریں گے	تو کرے گا	تم کروگے	میں کروں گا	ہم کریں گے

فعل مستقبل مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
کردہ خواہد شد	کردہ خواہند شد	کردہ خواہی شد	کردہ خواہید شد	کردہ خواہم شد	کردہ خواہیم شد
وہ کیا جائے گا	وہ کئے جائیں گے	تو کیا جائے گا	تم کئے جاؤگے	میں کیا جاؤں گا	ہم کئے جائیں گے

فعل مستقبل منفی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نخواہد کرد	نخواہند کرد	نخواہی کرد	نخواہید کرد	نخواہم کرد	نخواہیم کرد
وہ نہیں کرے گا	وہ نہیں کریں گے	تو نہیں کریگا	تم نہیں کروگے	میں نہیں کروں گا	ہم نہیں کریں گے

فعل مستقبل منفی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
نکردہ خواہد شد	نکردہ خواہند شد	نکردہ خواہی شد	نکردہ خواہید شد	نکردہ خواہم شد	نکردہ خواہیم شد
وہ نہیں کیا جائے گا	وہ نہیں کئے جائیں گے	تو نہیں کیا جائے گا	تم نہیں کئے جاؤگے	میں نہیں کیا جاؤں گا	ہم نہیں کئے جائیں گے

سوالات

(۱) فعل حال اور مستقبل میں کیا فرق ہے؟

(۲) فعل مستقبل معروف و مجہول میں کیا فرق ہے

(۳) مستقبل میں صیغوں کی علامتیں کہاں ہوتی ہیں؟

(۴) خوردن سے فعل مستقبل کی چاروں گردانیں کرو

(۵) خواہید گفت کونسا صیغہ ہے مع معنی بتاؤ

(۶) ہم نہیں جائیں گے کی فارسی بناؤ

(۷) خواہیم پرسید کونسا صیغہ ہے معنی بتاؤ

(۸) گفت سے فعل مستقبل کی چاروں گردانیں کرو

(۹) دادہ خواہید شد کونسا صیغہ ہے معنی کے ساتھ بتاؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

ترسیدن	شکستن	سرائیدن	کاشتن	گرفتن	لرزیدن	ترسانیدن
ڈرنا	ٹوٹنا، توڑنا	گانا	بونا	پکڑنا	کانپنا	ڈرانا

اردو میں ترجمہ کرو

خواہید لرزید، خواہیم ترسید، خواہی گرفت، می سراید، خواہم کاشت، نہ پروردہ خواہید شد، نوشد، خواہند خواند، گرفتہ خواہیم شد

فارسی بناؤ

تو بوئے گا، ہم کانپتے ہیں، وہ نہیں کاٹیں گے، میں پکڑوں گا، تم نہیں توڑے جاؤ گے، وہ کمائے گا، ہم نہیں ڈرائے جائیں گے، تو نہیں کانپے گا، وہ نہیں آئیں گے، میں پڑھوں گا

سبق نمبر (۱۴)

فعل امر کا بیان

فعل امر... وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا حکم دیا جائے۔

فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ..... (۱) فعل مضارع واحد غائب سے دال دور کر کے امر حاضر بناتے ہیں جیسے رَوَد سے رَو۔ کُند سے کُن۔

(۲) فعل مضارع صیغہ واحد حاضر کے آخر سے یا "ی" دور کرکے آخر کو ساکن کر دیتے ہیں جیسے کنی سے کن، بینی سے بین۔ اور شروع میں با "ب" بھی زیادہ کر سکتے ہیں جیسے بکن، بین پس اگر پہلے حرف پر پیش ہو تو "ب" پر بھی پیش پڑھیں گے۔

فعل امر غائب و متکلم بنانے کا طریقہ..... فعل مضارع کے صیغہ غائب و متکلم کے شروع میں باید کہ زیادہ کرکے امر غائب و متکلم بناتے ہیں جیسے گوید سے باید کہ گوید، باید کہ گویم۔

تنبیہ... کبھی کبھی امر واحد حاضر کے شروع میں "در" اور "بر" اور "می" لگا سکتے ہیں جیسے درساز، برافگن، می کن
اور غائب و متکلم کے صیغوں میں "ب" کی جگہ "باید" لگاتے ہیں جیسے کہ "باید کہ کنند"

اردو میں امر بنانے کا طریقہ... مضارع سے پہلے چاہئے کہ بڑھاتے ہیں اور حاضر میں اس کی بھی ضرورت نہیں بلکہ واحد حاضر سے (ے) کو گرا دیتے ہیں جیسے کرے سے کر

فعل امر مثبت معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
باید کہ گوید	باید کہ گویند	بگو	بگوئید	باید کہ بگویم	باید کہ بگوییم
چاہئے کہ وہ کہے	چاہئے کہ وہ کہیں	تو کہہ	تم کہو	چاہئے کہ میں کہوں	چاہئے کہ ہم کہیں

فعل امر مثبت مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
باید کہ پرورده شود	باید کہ پرورده شوند	باید کہ پرورده شوی	باید کہ پرورده شوید	باید کہ پرورده شوم	باید کہ پرورده شویم
چاہئے کہ وہ پالا جائے	چاہئے کہ وہ پالے جائیں	چاہئے کہ تو پالا جائے	چاہئے کہ تم پالے جاؤ	چاہئے کہ میں پالا جاؤں	چاہئے کہ ہم پالے جائیں

سوالات

(۱) فعل امر اور حال میں کیا فرق ہے؟
(۲) فعل امر بنانے کا طریقہ بتاؤ؟
(۳) امر حاضر و غائب میں کیا فرق ہے؟
(۴) بخشد سے امر معروف و مجہول کی گردان کرو
(۵) امر اور اسم کی "با" میں کیا فرق ہے؟
(۶) باید کہ فہمیدہ شود کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ
(۷) چاہئے کہ تم بلائے جاؤ کی فارسی بناؤ
(۸) بگیر اور بگیرد کونسے صیغہ ہیں اور ان کے معنی بتاؤ
(۹) چاہئے کہ ہم پڑھیں کی فارسی بناؤ

مشق کے لئے مضارع اور ان کے معنی...

ہراسد	تواند	برد	گیرد	کشد	نہد
وہ ڈرے	وہ سکے	وہ لے جائے	وہ پکڑے	وہ مار ڈالے	وہ رکھے

اردو میں ترجمہ کرو

بترسد، باید کہ خورم، بنہ، باید کہ کشتہ شوند، بتواں، باید کہ بخشیدہ شوند، باید کہ بگیرم، باید کہ کردہ شود، باید کہ بریدہ شویم، بکش

فارسی بناؤ

ہم رکھیں گے، چاہئے کہ وہ پکڑیں، چاہئے کہ میں لکھوں، تم پڑھو، تم بخشو، چاہئے کہ ہم پوچھے جائیں، چاہئے کہ وہ کہے، تم لے جاؤ

فعل نہی کا بیان

فعل نہی... وہ فعل ہے جس سے کسی کام سے منع کیا جائے

نہی بنانے کا طریقہ... امر غائب اور متکلم کے صیغوں میں "ب" کی جگہ باید کہ اور نون جبکہ حاضر کے صیغوں میں میم لگا کر نہی بناتے ہیں جیسے کہ باید کہ نکنند، مکن
فعل نہی مجہول کے حاضر کے صیغے میں شو سے پہلے ھاء اور میم (ہ، م) زیادہ کرتے ہیں جیسے کردہ مشو

اردو میں نہی بنانے کا طریقہ... اردو میں امر سے پہلے نہ یا مت لگا کر نہی بناتے ہیں جیسے کر سے نہ کر یا مت کر

فعل نہی معروف کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
باید کہ نکند	باید کہ نکنند	مکن	مکنید	باید کہ نکنم	باید کہ نکنیم
چاہئے کہ وہ نہ کرے	چاہئے کہ وہ نہ کریں	تو مت کر	تم مت کرو	چاہئے کہ میں نہ کروں	چاہئے کہ ہم نہ کریں

فعل نہی مجہول کی گردان

واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
باید کہ نکردہ شود	باید کہ نکردہ شوند	کردہ مشو	کردہ مشوید	باید کہ نکردہ شوم	باید کہ نکردہ شویم
چاہئے کہ وہ نہ کیا جائے	چاہئے کہ وہ نہ کئے جائیں	چاہئے کہ تو نہ کیا جائے	چاہئے کہ تم نہ کئے جاؤ	چاہئے کہ میں نہ کیا جاؤں	چاہئے کہ ہم نہ کئے جائیں

سوالات

(۱) فعل امر اور نہی میں کیا فرق ہے
(۲) فعل نہی بنانے کا قاعدہ بتاؤ

(۳) فعل نہی کے غائب اور حاضر کے صیغوں میں کیا فرق ہے
(۴) گوید سے فعل نہی معروف اور مجہول کی گردان کرو
(۵) باید کہ نگوئیم کونسا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ
(۶) چاہیئے کہ وہ بخشا جائے کی فارسی بناؤ
(۷) کشتہ مشوید کیا صیغہ ہے اور معنی بتاؤ
(۸) آوردن سے نہی مجہول کی گردان کرو
(۹) تو نہ تعریف کیا جائے کی فارسی بناؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

یافتن	نہادن	مردن	مکیدن	مالیدن	کوشیدن
پانا	رکھنا	مرنا	چوسنا	ملنا	کوشش کرنا

اردو میں ترجمہ کرو
باید کہ نہ رود' منہ' نمکند' باید کہ نہ مالم' باید کہ نمکیدیم' مالیدہ مشو' بکوشید' باید کہ مالیدہ شوند' ممر' مگو

فارسی بناؤ
چاہیئے کہ وہ نہ مرے' تم نہ رکھے جاؤ' تو کوشش کر' چاہیئے کہ وہ نہ پائیں' تم مت کرو' چاہیئے کہ میں نہ چوسوں' چاہیئے کہ ہم نہ رکھیں' چاہیئے کہ تم نہ پائے جاؤ' تو نہ چوسا جائے

سبق نمبر(۱۶)

اسمائے مشتقہ کا بیان

مشتق... وہ اسم ہے جو دوسرے لفظ سے بنا ہو
اسم مشتق کی چھ قسمیں ہیں۔ اسم فاعل' اسم مفعول' اسم تفضیل' اسم ظرف' اسم آلہ' حاصل مصدر

اسم فاعل

اسم فاعل... وہ اسم ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس سے فعل صادر ہوا ہو

اسم فاعل کی دو قسمیں ہیں قیاسی۔ سماعی

اسم فاعل قیاسی بنانے کا طریقہ... امر واحد حاضر کے آخر میں زیر دیکر لفظ "ندہ" بڑھا کر اسم فاعل قیاسی بناتے ہیں جیسے پرور سے پرورندہ

صیغہ واحد کے آخر میں الف نون زیادہ کرکے اور ہ کو گاف سے بدل کر جمع بناتے ہیں یا آسان لفظوں میں یوں کہو کہ صیغہ واحد کے آخر سے ہ دور کرکے لفظ گان بڑھا کر جمع بناتے ہیں جیسے کنندہ سے کنندگان

اسم فاعل سماعی بنانے کا طریقہ... اسم فاعل سماعی بنانے کا کوئی ایک قاعدہ مقرر نہیں ہے ذیل میں چند قاعدے لکھے جاتے ہیں پہلا یہ ہے کہ اکثر امر واحد حاضر سے پہلے کوئی اسم زیادہ کر دیتے ہیں جیسے جہاں آفریں' کارکن' علم بردار اور کبھی آخر میں الف زیادہ کرکے جیسے دانا' بینا اور کبھی امر حاضر کے آخر میں الف و نون زیادہ کرکے جیسے خنداں' رواں' گریاں

تنبیہ... اسم فاعل کے صرف دو صیغہ آتے ہیں واحد' جمع

اردو میں اسم فاعل بنانے کا طریقہ... مصدر سے الف دور کرکے یائے مجہول اور والا (ے والا) بڑھا دیتے ہیں جیسے کرنا سے کرنے والا

اسم فاعل مثبت کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	کنندہ	کنندگان
اردو	کرنے والا (ایک)	کرنے والے (بہت)

اسم فاعل منفی کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	نکنندہ	نکنندگان
اردو	نہ کرنے والا	نہ کرنے والے

سوالات

(۱) اسم مشتق کی تعریف مع اقسام بتاؤ
(۲) اسم فاعل کی تعریف کرو
(۳) اسم فاعل قیاسی و سماعی میں کیا فرق ہے
(۴) باش سے اسم فاعل کی گردان بناؤ
(۵) بخشندہ کا ترجمہ کرو
(۶) گو سے اسم فاعل کی گردان بناؤ
(۷) کھانے والے کی فارسی بناؤ
(۸) چمکنے والے کی فارسی بناؤ

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

دویدن دوڑنا	دانستن جاننا	کوفتن کوٹنا	دادن دینا	فروختن بیچنا	رقصیدن ناچنا

اردو میں ترجمہ کرو
ترسندہ' باید کہ زند' خوانندہ' مگو' زوندگان' رقصندہ' ندوندہ' باید کہ دادہ شوم' خوانندگان' زرکوب' حلوہ فروش' حسابدان
فارسی بناؤ
کوٹنے والے' چاہئے کہ وہ نہ بھاگے' تم مت ناچو' چاہئے کہ ہم نہ دئے جائیں' ڈرنے والے' جاننے والا' زکوۃ دینے والے' کوشش مت کر

سبق نمبر (۱۷)

اسم مفعول

اسم مفعول...وہ اسم ہے جو ایسی ذات کو بتائے جس پر کام واقع ہوا ہو

اسم مفعول بنانے کا طریقہ...فعل ماضی مطلق آخر میں ھا کو زیادہ کر کے اسم مفعول بناتے ہیں جیسے کرد سے کردہ (کیا ہوا) اور داد سے دادہ (دیا ہوا)

تنبیہہ...اسم مفعول کے بھی دو صیغہ آتے ہیں واحد' جمع
واحد کے آخر سے "ھا" گرا کر لفظ "گان" زیادہ کر کے اسم مفعول جمع بناتے ہیں جیسے کردہ سے کردگان (کئے ہوئے)

اردو میں مفعول بنانے کا طریقہ...ماضی مطلق کے آخر میں ہوا زیادہ کر کے اس مفعول بناتے ہیں جیسے کیا سے کیا ہوا

اسم مفعول مثبت کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	کردہ	کردگان
اردو	کیا ہوا (ایک)	کئے ہوئے (سب)

اسم مفعول منفی کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	نکردہ	نکردگان
اردو	نہ کیا ہوا	نہ کئے ہوئے

اسم تفضیل

اسم تفضیل...وہ اسم ہے جس سے کسی کام کرنے والے کی بڑائی ظاہر ہو

اسم تفضیل بنانے کا طریقہ...اسم فاعل کے آخر میں لفظ "تر" زیادہ کر کے اسم تفضیل بناتے ہیں جیسے کنندہ سے کنندہ تر

اردو میں اسم مفعول بنانے کا طریقہ... اسم فاعل سے پہلے لفظ "زیادہ" لگا کر اسم تفضیل بناتے ہیں جیسے کرنے والا سے زیادہ کرنے والا

اسم تفضیل مثبت کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	کنندہ تر	کنندگان تر
اردو	زیادہ کرنے والا	زیادہ کرنے والے

اسم تفضیل منفی کی گردان

صیغہ	واحد	جمع
فارسی	نکنندہ تر	نکنندگان تر
اردو	نہ زیادہ کرنے والا	نہ زیادہ کرنے والے

سوالات

(۱) اسم مفعول کی تعریف کرو
(۲) اسم فاعل و تفضیل میں کیا ہے
(۳) گفتن سے اسم مفعول و تفضیل کی گردان کرو
(۴) فروختہ کا ترجمہ کرو
(۵) خوانندگان تر کونسا صیغہ ہے معنی کے ساتھ بتاؤ
(٦) خوردہ تر کا ترجمہ کرو
(۷) اسم تفضیل کیسے بناتے ہیں
(۸) زیادہ ڈرنے والا کی فارسی بناؤ
(۹) دئے ہوئے کی فارسی بناؤ
(۱۰) درخشندگان کا ترجمہ کرو

سبق نمبر (۱۸)

اسم ظرف

اسم ظرف... وہ اسم ہے جو کسی کام کا وقت یا جگہ بتائے

اسم ظرف بنانے کا طریقہ... اسم ظرف کے چار طریقہ ہیں
(۱) مصدر سے پہلے "وقت" یا "جائے" زیادہ کرتے ہیں جیسے وقت مردن (مرنے کا وقت) جائے خفتن (سونے کی جگہ)
(۲) حاصل مصدر کے آخر میں لفظ "گاہ" زیادہ کرتے ہیں جیسے آرائش گاہ (سنوارنے کی جگہ یا وقت) آرام سے آرامگاہ
(۳) وقت یا جائے کی نسبت حاصل مصدر کی طرف کر کے اسم ظرف بناتے ہیں جیسے وقتِ آغاز (شروع کرنے کا وقت) جائے آزمائش (آزمانے کی جگہ)
(۴) امر واحد حاضر سے پہلے کوئی اسم ملا دیتے ہیں جیسے زرخیز (سونا پیدا ہونے کی جگہ)
نوٹ... ۳ اور ۴ یہ دونوں قاعدے شاذ و نادر ہیں

سبق نمبر (۱۹)

اسم آلہ

اسم آلہ... وہ اسم ہے جو کسی کام کرنے کا آلہ یا اوزار ہو

اسم آلہ بنانے کا طریقہ... اسم آلہ بنانے کے دو طریقے ہیں۔
(۱) مصدر سے پہلے لفظ آلہ زیادہ کر کے اسم آلہ بناتے ہیں جیسے آلۂ زدن (مارنے کا آلہ) آلۂ کاشتن (بونے کا آلہ)
(۲) امر واحد حاضر سے پہلے کوئی اسم ملا دیتے ہیں جیسے زرکوب (سونا کوٹنے کا آلہ)

سبق نمبر(۲۰)

حاصل مصدر

حاصل مصدر...وہ اسم ہے جو مصدر کی حالت یا اس کا نتیجہ بتائے جیسے خواستن سے خواہش (چاہت)

حاصل مصدر بنانے کا طریقہ...مصدر سے بنایا جاتا ہے جس کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں، مختلف طریقوں سے بنایا جاتا ہے

سبق نمبر(۲۱)

طریق تعدیہ

طریق تعدیہ...مصدر لازم کو متعدی اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو مفعول بنانا

تعدیہ بنانے کا طریقہ...مصدر لازم کے امر حاضر معروف کے آخری حرف کو زبر دے کر لفظ "اندن" یا "انیدن" زیادہ کر کے لازم کو متعدی بناتے ہیں جیسے ترسیدن مصدر لازم کے امر حاضر معروف ترس سے ترساندن یا ترسانیدن ڈرانا

اور اسی ترسانیدن میں ترسا کے بعد لفظ "نا" بڑھا کر متعدی بدو مفعول بناتے ہیں جیسے ترسانیدن سے ترسانانیدن

اردو میں متعدی بنانے کا طریقہ...مصدر لازم کے نا سے پہلے الف زیادہ کر کے متعدی بناتے ہیں جیسے ڈرنا سے ڈرانا اور متعدی بدو مفعول بنانا ہو تو واؤ الف (وا) بڑھا دیا جاتا ہے جیسے لڑنا سے لڑوانا اور اگر مصدر کے نا سے پہلے الف یا واو یا یا ہو تو لام یا واو سے بدل دیا جاتا ہے جیسے کمانا سے کملانا اور دھلنا سے دھلوانا پکانا سے پکوانا۔ دینا سے دلوانا

مشق کے لئے مصادر اور ان کے معنی...

شگافتن	رسیدن	زاریدن	برشتن	آمیختن	گرائیدن
چیرنا	پہنچنا	رونا	بھونتا	ملنا، ملانا	خواہش کرنا

سوالات

(۱) اسم ظرف، اسم آلہ، حاصل مصدر اور طریق تعدیہ کی تعریف کرو

(۲) اسم ظرف، اسم آلہ، حاصل مصدر اور طریق تعدیہ بنانے کے طریقے بتاؤ

(۳) آمیزش کا ترجمہ کرو

(۴) وقت بخشش، جائے برشتن، اور آلۂ کشتن کا ترجمہ بتاؤ

(۵) تراشانیدن، رسائی، رقص اور زاری کا ترجمہ بتاؤ

(۶) آلۂ کوفتن، آلۂ شگافتن کے ترجمے کرو

(۷) طریق تعدیہ بنانے کا طریقہ مثال کے ساتھ بتاؤ

سبق نمبر(۲۲)

اسماء کا بیان

فارسی میں استعمال ہونے والے اسم دو قسم کے ہیں مفرد، مرکب

مفرد...وہ لفظ ہے جو ایک معنی بتائے جیسے خدا

مرکب...جو دو یا زیادہ لفظوں سے مل کر بنے جیسے رسولِ خدا، قرآن مجید کتاب خدا است

مرکب کی دو قسمیں ہیں مفید، غیر مفید

مرکب غیر مفید...وہ مرکب ہے جس سے پوری بات سمجھ میں نہ آئے جیسے کتاب خدا، رسول کریم

مرکب غیر مفید کی دو قسمیں ہیں مرکب اضافی، مرکب توصیفی

مرکب اضافی...ایک اسم کی دوسرے اسم کے ساتھ نسبت و لگاؤ کو مرکب اضافی کہتے ہیں اور اس نسبت کو اضافت کہتے ہیں جیسے غلام زید۔ پہلے اسم کو مضاف اور دوسرے اسم کو مضاف الیہ کہتے

ہیں۔
اضافت کی سات قسمیں ہیں جن کی تفصیل دیکھنا ہو تو مصدر فیوض میں دیکھیں

مضاف...وہ اسم ہے جس کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو مثال مذکور میں غلام

مضاف الیہ...وہ اسم ہے جس کی طرف کسی اسم کی نسبت کی گئی ہو مثال مذکور میں زید

فائدہ...اس اضافت کا فائدہ یہ ہے کہ مضاف عام سے خاص ہو جاتا ہے جیسے غلام عام تھا ہر غلام کو غلام کہہ سکتے تھے لیکن جب زید کی طرف نسبت ہوگئی تو غلام خاص ہوگیا (زید کا غلام) اب غلام زید کسی اور کے غلام کو نہیں کہیں گے

اضافت کا طریقہ...جب کسی اسم کو مضاف بنانا ہو تو اس کے آخری حرف کو زیر دے دیتے ہیں مگر بعض الفاظ میں بعض اوقات زیر نہیں دیتے مثلاً لفظ صاحب اور سر جیسے صاحب دل، سرخیل اور اگر مضاف کا آخری حرف الف یا واؤ ہو تو اسے یائے مجہول (ے) سے اور ھا (ہ) ہو تو ہمزہ سے بدل دیتے ہیں جیسے دانائے سبل، آموختۂ کتاب۔ فارسی اور عربی میں مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں آتا ہے جبکہ اردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں
اردو میں اضافت کی نو نشانیاں ہیں۔ کا۔ کے۔ کی۔ را۔ رے۔ ری۔ نا۔ نے۔ نی۔

سبق نمبر (۲۳)

مرکب توصیفی...وہ اسم ہے جس میں اچھائی یا برائی بیان کی جائے جیسے مرد دانا (عقلمند مرد) کارد تیز (تیز چھری) کارد تیک

موصوف...وہ اسم ذات جس کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے

صفت...وہ اسم جس سے کسی کی اچھائی یا برائی بیان ہو مثال مذکور میں مرد موصوف ہے اور دانا صفت ہے

ترکیب توصیفی کا طریقہ...ترکیب توصیفی میں بھی موصوف کے آخری حرف کو زیر دیتے ہیں۔ ترکیب توصیفی کی پہچان کا آسان طریقہ یہ ہے کہ موصوف سے پہلے لفظ کیسا یا کیسے یا کیسی ملا کر سوال کیا جائے تو وہ صفت اس کا جواب ہو سکے مثلاً مثال مذکور میں سوال کیا جائے کیسا مرد؟ تو جواب میں عقلمند بولا جائے گا

سبق نمبر (۲۴)

جملہ کا بیان

مرکب مفید...وہ جس سے سننے والے کو پورا فائدہ حاصل ہو۔
مرکب مفید کو جملہ بھی کہتے ہیں۔ جملہ کی دو قسمیں ہیں خبریہ، انشائیہ

جملہ خبریہ...وہ مرکب ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں جیسے خواند زید، زید نے پڑھا، زید دانا است (زید عقلمند ہے)
جملہ انشائیہ...وہ مرکب ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں جیسے یا (آ) کریما ببخش (اے کریم بخش دے)
جملہ خبریہ و انشائیہ کی دو قسمیں ہیں (۱) فعلیہ (۲) اسمیہ

فعلیہ...وہ جملہ ہے جس کا پہلا لفظ فعل اور دوسرا اسم ہو جیسے رفت زید گیا
جملہ فعلیہ کے پہلے جز کو فعل اور دوسرے کو فاعل کہتے ہیں دونوں جز مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ دو صورتوں میں انشائیہ ہوتا ہے (۱) امر (۲) نہی

اسمیہ...وہ جملہ ہے جس کا پہلا لفظ اسم ہو اور دوسرا لفظ اسم ہو یا فعل جیسے زید نیک است (زید نیک ہے)
جملہ اسمیہ کے پہلے جز کو مبتدا اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔
جملہ کا تفصیلی بیان بڑی کتابوں میں ملے گا۔

سبق نمبر(۲۵)

ضمیروں کا بیان

ضمیر...وہ اسم ہے جو غائب' حاضر اور متکلم کے لئے مقرر کیا گیا ہو۔

ضمیر کی دو قسمیں ہیں متصل' منفصل

ضمیر متصل...وہ ضمیر ہے جو کسی کلمہ سے ملی ہو جیسے پروردم میں میم

منفصل...وہ ضمیر جو کسی کلمہ سے ملی نہ ہو بلکہ خود علیحدہ ایک کلمہ ہو جیسے شما خواندید

پھر ان دونوں کی تین قسمیں ہیں (۱) مرفوع' (۲) منصوب' (۳) مجرور

دو (متصل' منفصل) کو تین (مرفوع' منصوب' مجرور) سے ضرب دیا جائے تو چھ ہوتی ہیں۔ پھر ان چھ کو چھ صیغوں (واحد غائب' جمع غائب' واحد حاضر' جمع حاضر' واحد متکلم' جمع متکلم) کے ساتھ ضرب دیا جائے تو ۳۶ ہوں گی ۔ اس طرح کل چھتیس ضمیریں ہوتی ہیں جن کی تفصیل ذیل کے نقشے سے معلوم کریں

سبق نمبر(۲۶)

ضمائر

صیغہ	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
(۱) مرفوع متصل	کرد (پوشیدہ) کند (پوشیدہ)	کروند کنند	کردی کنی	کردید کنید	کردم کنم	کردیم کنیم
(۲) مرفوع منفصل	آن۔ او	آنہا۔ آناں اوشان	تو	شما	من	ما
(۳) منصوب متصل	دہندش	دہندشاں	دہندت	دہندتاں	دہندم	دہندماں
(۴) منصوب منفصل	اورا۔ ویرا آنرا	اوشاں را آنہارا	ترا	شمارا	مرا	مارا
(۵) مجرور متصل	غلامش	غلام شاں	غلامت	غلامتاں	غلامم	غلام ماں
(۶) مجرور منفصل	غلام او غلام آن	غلام آنہاں	غلام تو	غلام شما	غلام من	غلام ماں

فائدہ... ضمیر متصل مستتر (پوشیدہ) بھی ہوتی ہے اور ظاہر بھی ۔ واحد غائب کے صیغہ میں اکثر پوشیدہ ہی ہوتی ہے

تنبیہ... جس کلمہ کے آخر میں (ہ) ہو تو ضمیر متصل لاتے وقت ضمیر سے پہلے الف زیادہ کر دیتے ہیں تاکہ دو ساکن کا اجتماع نہ ہو جیسے گربہ است اور اسم کے بعد واحد غائب متصل کی ضمیر کی جگہ ست لگاتے ہیں جیسے بندہ خدا ست

اور آخر میں ہا (ہ) ہو تو است الف کے ساتھ لکھتے ہیں اس کے علاوہ الف کے ساتھ استعمال غلط ہے

سبق نمبر(۲۷)

اسمائے اشارات

اسم اشارہ...وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے آن

مشار الیہ...وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے آن کتاب' اس مثال میں آن اسم اشارہ' کتاب مشار الیہ ہے

اسمائے اشارہ دو ہیں ایک دور کے لئے ایک نزدیک کے لئے

(۱) این جمع اینان (۲) آن جمع آنان

(آن اسم اشارہ بھی ہے اور واحد غائب کی ضمیر بھی۔ مگر دونوں میں فرق یہ ہے کہ اشارہ کا اشارہ محسوس اور اعضاء کی طرف ہوتا ہے اور ضمیر سے محسوس اور اعضای کی طرف نہیں بلکہ معنی کی طرف ہوتا ہے

تنبیہ.... اسم اشارہ اور مشار الیہ مل کر ایک کلمہ ہوتا ہے جیسے "بزن این دزد را" اس چور کو مار اس مثال میں "بزن" فعل امر با فاعل "این" اسم اشارہ دزد مشار الیہ دونوں مل کر مفعول بنتے ہیں

سبق نمبر (۲۸)

اسمائے موصولہ

اسم موصول... وہ اسم ہے جس کے بعد ایک جملہ ہونا ضروری ہے کہ بغیر اس کے مبتدا و یا خبر، فاعل، مفعول، مضاف، مضاف الیہ وغیرہ نہیں بن سکتا اس جملہ کو صلہ کہتے ہیں

اسمائے موصولہ... "آنکہ" "آنانکہ" "ہر کہ" "ہر آنکہ" یہ چاروں عاقلوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں

"آنچہ" "ہر چہ" "ہر آنچہ" یہ تینوں غیر ذوی العقول کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اگر کسی اسم نکرہ کے آخر میں یائے مجہول (ے) اور اس کے بعد کہ زیادہ کر دیا جائے تو وہ بھی اسم موصول ہو جاتا ہے جیسے کہ "کسے کہ" "کتابے کہ" "امرے کہ" "چیزے کہ" اسی طرح جس اسم نکرہ پر لفظ آن ہو اور اس کے بعد کہ ہو تو وہ بھی اسم موصول ہے جیسے آن کس کہ

سبق نمبر (۲۹)

مستثنیٰ

مستثنیٰ... وہ اسم ہے جو حرف استثناء کے بعد واقع ہو اور حرف استثناء کے ذریعے مستثنیٰ منہ سے نکالا گیا ہو۔ حرف استثناء تین ہیں (۱) مگر (۲) جز (۳) الّا۔ لفظ الّا عربی کا ہے مگر فارسی میں بھی مستعمل ہے

مستثنیٰ منہ... وہ اسم جس سے مستثنیٰ کو نکالا گیا ہو جیسے "آمدند ہمہ دوستان مگر زید" تمام دوست آئے مگر زید نہیں آیا

اس مثال میں زید مستثنیٰ اور دوستان مستثنیٰ منہ اور مگر حرف استثناء ہے۔

مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ مل کر ایک کلمہ کے حکم میں ہوتے ہیں یعنی فاعل یا مفعول وغیرہ بنے گا۔ جیسے مثال مذکور میں "آمدند" فعل اور ہمہ دوستان مستثنیٰ منہ مگر زید مستثنیٰ یہ دونوں مل کر اس کا فاعل ہوا

سبق نمبر (۳۰)

ندا

منادیٰ... جس کو پکارا جائے

منادی... جو پکارے

حرف ندا... جس حرف کے ذریعے پکارا جائے اسے حرف ندا کہتے ہیں

حروف ندا دو ہیں (۱) اے (۲) الف

اے اسم کے شروع میں اور الف اسم کے آخر میں آتا ہے جیسے اے خدا، رحیما

سبق نمبر (۳۱)

عطف اور معطوف علیہ و معطوف کا بیان

عطف... عطف کے معنی پھیرنا، ملانا کے ہیں۔ دو کلموں یا جملوں کو حرف عطف کے ذریعہ ملانا

معطوف علیہ... جس سے کسی لفظ یا جملہ کو حرف عطف کے ذریعہ ملایا جائے

معطوف... وہ لفظ ہے جس کو حرف عطف کے ذریعے کسی لفظ یا جملہ سے ملایا جائے جیسے آمد زید و بکر، زید دانا است و بکر نادان است

حروف عطف... یہ ہیں (۱) واو (۲) یا (۳) پس (۴) باز (۵) نیز (۶) ہم (۷) کہ وغیرہ

تنبیہ... معطوف علیہ پہلے اور معطوف بعد میں ہوتا ہے۔

سبق نمبر(۳۲)

گنتی کا بیان

اکائیاں... یک، دو، سہ، چہار، پنج، شش، ہفت، ہشت، نُہ

دہائیاں... دہ، بست، سی، چہل، پنجاہ، شصت، ہفتاد، ہشتاد، نود، صد

گیارہ سے انیس تک خلاف قیاس اس طرح شمار کرتے ہیں

یازدہ، دوازدہ، سیزدہ، چہاردہ، پانزدہ، شانزدہ، ہفدہ، ہژدہ، نوزدہ

اس کے بعد کی گنتیوں کے شمار کا طریقہ یہ ہے کہ ہر اکائی کو دہائی کے ساتھ ملا دو اور درمیان میں واؤ کا اضافہ کر دو مثلاً بست و یک، سی و دو، چہل و سہ، پنجاہ و چہار، شصت و پنج، ہفتاد و شش، ہشتاد و ہفت، نود و ہشت، صد

روزہائے ہفتہ و ماہِ دوازدہ

شنبہ، یکشبہ، دو شنبہ، سہ شنبہ، چہار شنبہ، پنج شنبہ، آدینہ (جمعہ)

محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاول، جمادی الثانی، رجب، شعبان، رمضان، شوال، ذی القعد، ذی الحج

سبق نمبر(۳۳)

واحد اور جمع کا بیان

واحد اور جمع کی تعریف پہلے بیان ہو چکی ہے

جمع بنانے کا طریقہ... فارسی میں جمع بنانے کے چار طریقہ ہیں (۱) واحد کے آخر میں "ان" بڑھا کر الف سے پہلے زیر دے دیتے ہیں جیسے مرد کی جمع مردان۔ اور اگر واحد کا آخری حرف الف یا واؤ ہو تو آخر میں "ان" کی جگہ "یان" بڑھا دیتے ہیں جیسے آقا کی جمع آقایان اور رو (چہرہ) کی جمع رویان۔ اور واحد کا آخری حرف ہا(ہ) ہو تو اسے "گ" سے بدل کر "ان" زیادہ کر دیتے ہیں جیسے بندہ کی جمع بندگان

(۲) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لفظ واحد کے آخر میں "ہا الف" زیادہ کر دیتے ہیں جیسے اسپ (گھوڑا) کی جمع اسپہا۔ شب (رات) کی جمع شبہا۔

(۳) تیسرا طریقہ یہ ہے کہ لفظ واحد کے آخر میں "ات" بڑھا کر الف سے پہلے والے حرف پر زبر نہ ہو تو زبر دے دیتے ہیں جیسے کاغذ کی جمع کاغذات، نبات کی جمع نباتات

(۴) اور کبھی کبھی واحد کے آخر میں "جات" زیادہ کر دیتے ہیں جیسے نقشہ کی جمع نقشہ جات، پرچہ کی جمع پرچہ جات

فائدہ... اکثر و بیشتر پہلا قاعدہ جاندار کی جمع بنانے کے لئے اور آخری تین قاعدے غیر جاندار کی جمع بنانے کے لئے استعمال ہوتے ہیں

☆☆☆☆☆-------------☆☆☆☆☆

احقر العباد

عطاء المصطفیٰ الاعظمی عفی عنہ

۱۱ر جمادی الثانی ۱۴۱۴ھ

۲۸ر اکتوبر ۱۹۹۳ء

مصادر

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
آختن	تلوار کھینچنا	.	.	.	.	آختہ	.	.
آراستن	سنوارنا	آراید	بیارائے	آرایندہ	جہاں آرا	آراستہ	آرائش	.
آرامیدن	آرام کرنا آرام دینا	آرامد	بیارام	آرامندہ	دل آرام	آرامیدہ	آرامش آرام	.
آرمیدن	آرام کرنا	.	.	.	.	آرمیدہ	.	.
آروغیدن	ڈکار لینا	آروغد	بیاروغ	آروغندہ	.	.	آروغ	.
آزمودن	آزمانا	آزماید	بیازمائے	آزمایندہ	کار آزما	آزمودہ	آزمائش	.
آسودن	آرام کرنا	آساید	بیاسائے	آسایندہ	.	آسودہ	آسودگی	.
آشامیدن	پینا	آشامد	بیاشام	آشامندہ	درد آشام	آشامیدہ	آشام	.
آشفتن	پریشان کرنا	آشوبد	بیاشوب	آشوبندہ	شہر آشوب	آشفتہ	آشوب	.
آغازیدن	شروع کرنا	آغازد	بیاغاز	آغازندہ	.	آغازیدہ	آغاز	.
آغشتن	آلودہ ہونا	.	.	.	.	آغشتہ	.	.
آفریدن	پیدا کرنا	آفریند	بیافریں	آفرینندہ	جہاں آفریں	آفریدہ	آفرینش	. .

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
آگاہیدن	خبردار کرنا	آگاہد	بیاگاہ	.	خدا آگاہ	.	آگاہی	.
آگندن	بھرنا	آگند	آگن	.	.	آگندہ	.	.
آلائیدن	آلودہ ہونا آلودہ کرنا	آلاید	بیالائے	آلائندہ	.	آلائیدہ	آلائش	.
آزردن	آزردہ ہونا	آزارد	بیازار	آزارندہ	دل آزار	آزردہ	آزار آزردگی	.
آزاردن	ستانا	آزارد	بیازار	آزارندہ	مردم آزار	آزاریدہ	آزار	.
آلودن	آلودہ ہونا	.	.	.	.	آلودہ	آلودگی	.
آماسیدن	سوجنا	آماسد	.	آماسندہ	.	آماسیدہ	آماس	
آمرزیدن	بخشنا	آمرزد	بیامرز	آمرزندہ	آمرزگار	آمرزیدہ	آمرزش	آمرزانیدن
آموختن	سیکھنا سکھانا	آموزد	بیاموز	آموزندہ	اوستاد آموزگار	آموختہ	آموزش	.
آمودن	بھرنا سنوارنا	.	.	.	.	آمودہ	.	.
آمیختن	ملنا ملانا	آمیزد	بیامیز	آمیزندہ	مصلحت آمیز مہر آمیز	آمیختہ	آمیزش	.
آہیختن	کھینچنا	.	.	.	.	آہیختہ	.	.
آویختن	لٹکنا لٹکانا	آویزد	بیاویز	آویزندہ	دل آویز	آویختہ	آویزش	آویزانیدن
ارزیدن	قیمت پانا	ارزد	بیرز	ارزندہ	کم ارز	ارزیدہ	ارزش	.
استادن ایستادن	کھڑا ہونا	استد	بایست	.	.	استادہ	استادگی	.
استردن	صاف کرنا مونڈنا	.	.	استرندہ	استرہ	استردہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
افتادن افتیدن	گر پڑنا	افتد	بیفت	·	افتان	افتاده	افتاد	·
افراختن	بلند کرنا	افرازد	بیفراز	افرازنده	سرفراز	افراخته	·	·
افراشتن	بلند کرنا	·	·	·	·	افراشته	·	·
افروختن	روشن کرنا	افروزد	بیفروز	افروزنده	عالم افروز	افروخته	·	افروزانیدن
افزودن	زیادہ ہونا زیادہ کرنا	افزاید	بیفزائے	افزاینده	روز افزون	افزوده	افزائش افزون	·
افشاندن	چھڑکنا بکھیرنا	افشاند	بیفشاں	افشانندہ	گل افشاں	افشانده	افشاں	·
آوردن	لانا	آورد	بیاور	آرنده	·	آورده	·	·
افسردن	ٹھٹھرنا	افسرد	·	·	·	افسرده	·	·
افشردن	نچوڑنا	افشارد	بیفشار	افشارنده	·	افشرده	افشار	افشرانیدن
افگندن	ڈالنا	افگند	بیفگن	افگننده	شیر افگن	افگنده	افگندگی	·
انباردن	ڈھیر کرنا پاٹنا	انبارد	بینبار	انبارنده	·	انبارده	·	·
انبودن	[illegible]	·	·	·	·	انبوده	·	·
انباشتن	پاٹنا ڈھیر کرنا	·	·	·	·	انباشته	·	·
انجامیدن	تمام ہونا	انجامد	·	انجامنده	·	انجامیده	انجام	·
انداختن	ڈالنا	اندازد	بینداز	اندازنده	تیر انداز	انداخته	انداز اندازه	·
اندوختن	جمع کرنا	اندوزد	بیندوز	اندوزنده	غم اندوز	اندوز	·	اندوزانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
اندودن	لیپنا پوتنا	انداید	بیندائے	انداینده	گل اندائے	اندوده	·	·
اندیشیدن	سوچنا	اندیشد	بیندیش	اندیشنده	دور اندیش	اندیشیده	اندیشه	·
انگاردن	معلوم کرنا	انگارد	بینگار	انگارنده	·	انگارده	·	·
انگاشتن	معلوم کرنا	·	·	·	·	انگاشته	·	·
انگیختن	اٹھانا	انگیزد	بینگیز	انگیزنده	فتنہ انگیز	انگیخته	انگیزش انگیز	انگیزانیدن
ب								
باختن	کھیلنا ہارنا	بازد	بباز	بازنده	قمار باز	باخته	باخت	·
باریدن	برسنا برسانا	بارد	ببار	بارنده	اشکبار	باریده	بارش	·
بافتن	بننا	بافد	بباف	بافنده	بوریا باف	بافته	بافت	·
بالیدن	[illegible]	بالد	ببال	بالنده	·	بالیده	بالیدگی بالش	·
بایستن	چاہیے ضروری ہونا	باید	·	·	·	بایسته	·	·
بخشودن	بخشنا	بخشاید	ببخشائے	بخشاینده	·	بخشوده	بخشایش	·
بخشیدن	بخشنا	بخشد	ببخش	بخشنده	خطا بخش	بخشیده	بخشش	·
برآمدن	باہر نکلنا طلوع ہونا	برآید	برآئے	برآینده	·	برآمده	برآمد	·
برآوردن	باہر لانا	برآورد	برآور	برآورنده	·	برآورده	·	·
برداشتن	اٹھانا	بردارد	بردار	بردارنده	علم بردار	برداشته	·	·

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
بردن	لے جانا	برد	ببر	برندہ	نامہ بر	بردہ	•	•
برشتن	بھوننا	•	•	•	•	برشتہ	برشت	بریانیدن
برگشتن	پھرنا	برگردد	برگرد	•	•	برگشتہ	برگشتگی	•
بریدن	کاٹنا	برد	ببر	برندہ	کیسہ بر	بریدہ	برش	•
بستن	باندھنا	بندد	ببند	بندندہ	شکستہ بند	بستہ	بندش بست / بندش	•
بودن	ہونا۔رہنا	باشد	بباش	باشندہ	خوشباش	بودہ	بود	•
بوسیدن	چومنا / بوسیدہ ہونا	بوسد	ببوس	بوسندہ	زمین بوس	بوسیدہ	بوسہ / بوسیدگی	•
بیختن	چھاننا	بیزد	ببیز	بیزندہ	غلہ بیز	بیختہ	•	بیزانیدن
بوئیدن	بو دینا / سونگھنا	بوید	ببوئے	بوئندہ	بویا	بوئیدہ	•	بویانیدن

پ

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
پاریدن	ٹکڑے ہونا / پرانا ہونا	•	•	•	•	پاریدہ	•	•
پاشیدن	بکھیرنا چھڑکنا	پاشد	بپاش	پاشندہ	گہرپاش	پاشیدہ	•	•
پالودن	صاف کرنا	پالاید	بپالائے	پالائندہ	•	پالودہ	پالائش	•
پائیدن	ٹھہرنا	پاید	بپائے	پایندہ	دیرپائے	پائیدہ	پائیدگی	•
پختن	پکانا	پزد	بپز	پزندہ	•	پختہ	پزش	پزانیدن
پذیرفتن	قبول کرنا	پذیرد	بپذیر	پذیرندہ	پوزش پذیر	پذیرفتہ	پذیرائی	•

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اَمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
پرداختن	خالی کرنا / مشغول ہونا	پردازد	بپرداز	پردازندہ	چہرہ پرداز	پرداختہ	پرداخت	•
پرستیدن	پوجنا	پرستد	بپرست	پرستندہ	بت پرست / پرستار	پرستیدہ	پرستش	•
پرسیدن	پوچھنا	پرسد	بپرس	پرسندہ	پرساں	پرسیدہ	پرسش	•
پروردن	پالنا	پرورد	بپرور	پرورندہ	پروردگار / غریب پرور	پروردہ	پرورش	پرورانیدن
پرہیزدن	پرہیز کرنا	پرہیزد	بپرہیز	پرہیزندہ	پرہیزگار	پرہیزیدہ	•	پرہیزانیدن
پریدن	اُڑنا	پرد	بپر	پرندہ	پراں	پریدہ	پرواز	پرانیدن
پژمردن	کمھلانا	•	•	•	•	پژمردہ	•	•
پُریدن	بھرنا	پُرد	بپُر	پرندہ	•	پریدہ	•	•
پژوہیدن	فکر کرنا	پژوہد	بپژوہ	پژوہندہ	حق پژوہ	پژوہیدہ	پژوہش	•
پسندیدن	پسند کرنا	پسندد	بپسند	پسندندہ	مشکل پسند	پسندیدہ	پسندیدگی	•
پنداشتن	معلوم کرنا	پندارد	بپندار	پندارندہ	•	پنداشتہ	پندار	•
پوشیدن	پہننا / چھپانا	پوشد	بپوش	پوشندہ	خطاپوش	پوشیدہ	پوشش	پوشانیدن
پوئیدن	دوڑنا	پوید	بپوئے	پوئندہ	پویاں	پوئیدہ	پویا	پویانیدن
پیچیدن	لپیٹنا / لپٹنا	پیچد	بپیچ	پیچندہ	سرپیچ	پیچیدہ	پیچ / پیچش	پیچانیدن
پیراستن	چھانٹنا	پیراید	بپیرائے	پیرائندہ	باغ پیرا	پیراستہ	پیرائش	•
پیمودن	ناپنا	پیماید	بپیمائے	پیمائندہ	بادپیما	پیمودہ	پیمائش	•

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
پیوستن	ملنا	پیوندد	بپیوند	.	.	پیوستہ	پیوند	.
ت								
تاختن	دوڑنا دوڑانا	تازد	بتاز	تازندہ	یکہ تاز	تاختہ	تازش ترکتاز	.
تافتن	چمکنا چمکانا	تابد	بتاب	تابندہ	تاباں عالمتاب	تافتہ	تابش تاب	.
تپیدن	تڑپنا	تپد	بتپ	تپندہ	تپاں	تپیدہ	تپش	تپانیدن
تراشیدن	چھیلنا کاٹنا	تراشد	بتراش	تراشندہ	تراشاں	تراشیدہ	تراش	تراشانیدن
تراویدن	ٹپکنا	تراود	.	تراوندہ	.	تراویدہ	تراوش	.
ترسیدن	ڈرنا	ترسد	بترس	ترسندہ	ترساں	ترسیدہ	ترس	ترسانیدن
ترکیدن	شق ہونا	ترکد	.	ترکندہ	.	ترکیدہ	.	.
تفتن	گرم ہونا	.	.	.	.	تفتہ	.	.
تفسیدن	گرم ہونا	تفسد	بتفس	تفسندہ	تفساں	تفسیدہ	.	.
تنیدن	تننا	تند	بتن	تنندہ	.	تنیدہ	.	.
توانستن	سکنا	تواند	.	توانندہ	توانا	.	توانائی توان	.
ج								
جستن	کودنا	جہد	بجہ	جہندہ	جہاں	جستہ	جست	جہانیدن
جستن	ڈھونڈھنا	جوید	بجو	جویندہ	جویاں	جستہ	جستجو	جویدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
جنبیدن	ہلنا	جنبد	بجنب	جنبندہ	جنباں	جنبیدہ	جنبش	جنبانیدن
جوشیدن	اُبلنا	جوشد	بجوش	جوشندہ	جوشاں	جوشیدہ	جوشش بجوش	جوشانیدن
چ								
چربیدن	غالب ہونا	چربد	بچرب	چربندہ	.	چربیدہ	.	.
چریدن	چرنا	چرد	بچر	چرندہ	.	چریدہ	چراں	چرانیدن
چسپیدن	لپٹنا	چسپد	بچسپ	چسپندہ	دلچسپ	چسپیدہ	چسپیدگی	چسپانیدن
چشیدن	چکھنا	چشد	بچش	چشندہ	نمک چش	چشیدہ	چاشنی	چشانیدن
چکیدن	ٹپکنا	چکد	بچک	چکندہ	خونچکاں	چکیدہ	چکش	چکانیدن
چمیدن	لچکنا	چمد	بچم	چمندہ	چماں	چمیدہ	چمش	چمانیدن
چیدن	چُننا	چیند	بچیں	چینندہ	خوشہ چیں	چیدہ	.	.
خ								
خاریدن	کھجلانا	خارد	بخار	خارندہ	پشت خار	خاریدہ	خارش	.
خاستن	اٹھنا	خیزد	بخیز	خیزندہ	سحرخیز	خاستہ	.	.
خائیدن	چبانا	خاید	بخائے	خائندہ	ژاژخا	خائیدہ	.	.
خراشیدن	چھیلنا	خراشد	بخراش	خراشندہ	شمع خراش	خراشیدہ	خراش	.
خرامیدن	اکڑ کر چلنا	خرامد	بخرام	خرامندہ	خوشخرام	خرامیدہ	خرام	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
خروشیدن	شور کرنا	خروشد	بخروش	خروشنده	خروشاں	خروشیده	خروش	خروشانیدن
خریدن	مول لینا	خرد	بخر	خرنده	ارزاں خر / خریدار	خریده	خرید	·
خزیدن	گھسنا	خزد	بخز	خزنده	خزاں	خزیده	·	·
خستن	زخمی ہونا	·	·	·	·	خسته	خستگی	·
خفتن	سونا	خسپد	بخسپ	خسپنده	·	خفته	خفت	خسپانیدن
خلیدن	چبھنا	خلد	·	خلنده	·	خلیده	خلش	خلانیدن
خموشیدن	چپ ہونا	خموشد	بخموش	خموشنده	خاموش	خموشیده	خاموشی	خموشانیدن
خمیدن	ٹیڑھا ہونا	خمد	بخم	خمنده	·	خمیده	خم خمیدگی	خمانیدن
خنبیدن	تالی بجانا	خنبد	بخنب	خنبنده	·	خنبیده	·	·
خندیدن	ہنسنا	خندد	بخند	خندنده	خنداں	خندیده	خنده	خندانیدن
خوابیدن	سونا	خوابد	بخواب	خوابنده	·	خوابیده	خواب	خوابانیدن
خواستن	چاہنا	خواہد	بخواه	خواہنده	خیرخواہی / خواہاں	خواسته	خواہش	·
خواندن	پڑھنا، بلانا	خواند	بخواں	خواننده	قرآں خواں	خوانده	·	·
خوردن	کھانا	خورد	بخور	خورنده	خونخوار	خورده	خورش	خورانیدن
خوشیدن	سوکھنا	خوشد	بخوش	خوشنده	·	خوشیده	·	·
خیسیدن	تر ہونا	خیسد	بخیس	خیسنده	·	خیسیده	·	خیسانیدن

د

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
دادن	دینا	دہد	بده	دہنده	نان ده	داده	دہش، داد	دانیدن
داشتن	رکھنا	دارد	بدار	دارنده	مالدار	داشته	داشت	·
دانستن	جاننا	داند	بداں	داننده	حساب داں	دانسته	دانش، دانائی	·
درفشیدن	کانپنا، چمکنا	درفشد	بدرفش	درفشنده	·	درفشیده	·	درفشانیدن
درودن	کاٹنا	درود	بدرود	درونده	·	درووده	درود	·
دریدن	پھاڑنا	درد	بدر	درنده	مردم در	دریده	·	درانیدن
دزدیدن	چرانا	دزدد	بدزد	دزدنده	شب دزد	دزدیده	دزدی	·
دمیدن	اُگنا، طلوع ہونا	دمد	بدم	دمنده	دماں	دمیده	دم	دمانیدن
دوختن	سینا	دوزد	بدوز	دوزنده	خیمه دوز	دوخته	دوختگی	دوزانیدن
دوشیدن	دوہنا	دوشد	بدوش	دوشنده	·	دوشیده	·	دوشانیدن
دویدن	دوڑنا	دود	بدو	دونده	دواں	دویده	دوید	·
دیدن	دیکھنا	بیند	ببیں	بیننده	حق بیں، بینا	دیده	دید	·
درخشیدن	چمکنا	درخشد	بدرخش	درخشنده	درخشاں	درخشیده	درخش	درخشانیدن

ر

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
راندن	چلانا، ہانکنا	راند	براں	راننده	حکمراں	رانده	·	·

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اُمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ربودن	لے جانا	رباید	بربا	رباینده	دلربا	ربوده	ربودگی	٠
رخشیدن	چمکنا	رخشد	برخش	رخشنده	رخشاں	رخشیده	٠	رخشانیدن
رزیدن	رنگنا	رزد	برز	رزنده	رنگریز	رزیده	٠	٠
رُستن	چھوٹنا	٠	٠	٠	٠	رستہ	رستگاری	٠
رستن	اُگنا	٠	٠	٠	٠	رستہ	٠	٠
رسیدن	پہنچنا	رسید	برس	رسنده	فریادرس	رسیده	رسائی	رسانیدن
رشتن	کاتنا، اُگنا	٠	٠	٠	٠	رشتہ	٠	٠
رفتن	چلنا، جانا	رود	برو	رونده	رواں، گرم رو	رفتہ	روش، رفتار	٠
رُفتن	بہارنا	روبد	بروب	روبنده	روباں، خاکروب	رفتہ	رفت	[illegible]
رقصیدن	ناچنا	رقصد	برقص	رقصنده	رقصاں	٠	رقص	رقصانیدن
رمیدن	بھاگنا	رمد	برم	رمنده	رماں	رمیده	رم	رمانیدن
رنجیدن	آزرده ہونا	رنجد	برنج	رنجنده	زودرنج، رنجاں	رنجیده	رنجش	رنجانیدن
رہیدن	چھوٹنا	رہد	برہ	رہنده	رہا	رہیده	رہائی	رہانیدن
ریختن	چھڑکانا	ریزد	بریز	ریزنده	عرق ریز	ریختہ	ریزش	٠
روئیدن	اُگنا	روید	٠	روئنده	خودرو	روئیده	روئیدگی	رویانیدن
ریدن	ہگنا	رید	بری	٠	٠	٠	٠	٠

مصدر	معنی مصدر	مضارع	اُمر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	مصدر	
ریسیدن	کاتنا	ریسد	بریس	ریسنده	٠	ریسیده	٠	٠
راندن	ہانکنا، چلانا	راند	بران	راننده	حکمراں	رانده	٠	٠
ز								
زادن	جننا	٠	٠	٠	آدم زاد	زاده	٠	٠
زاریدن	رونا	زارد	بزار	زارنده	٠	زاریده	زاری	٠
زائیدن	جننا	زاید	بزائے	زائنده	حادثہ زائے	زائیده	زائیدگی	٠
زدن	مارنا	زند	بزن	زننده	شمشیرزن	زده	زنش	٠
زدودن	صیقل کرنا	زداید	بزدائے	زداینده	غم زده	زدوده	زدائش	٠
زیستن	جینا	زید	بزی	زینده	٠	٠	زیست	٠
ژ								
ژولیدن	اُلجھنا	ژولد	٠	٠	٠	ژولیده	٠	٠
س								
ساختن	بنانا، موافق کرنا	سازد	بساز	سازنده	زره ساز	ساختہ	ساخت، سازش	٠
سائیدن	پیسنا	ساید	بسائے	سائنده	سرمہ سا	سائیده	٠	٠
سپردن	سونپنا	سپارد	بسپار	سپارنده	جاں سپار	سپرده	سپارش	٠
سپوختن	نکالنا، چبھونا	٠	٠	٠	٠	سپوختہ	٠	٠

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیه
سپوزیدن	نکالنا	سپوزد	بسپوز	سپوزنده	.	سپوزیده	.	.
ستاندن	لینا	ستاند	بستاں	ستانندہ	کشورستاں	ستاندہ	ستانید	.
ستائیدن	سراہنا	ستاید	بستائے	ستائندہ	خودستاں	ستائیدہ	ستائش	.
ستدن	لینا	ستاند	بستاں	ستانندہ	.	ستدہ	ستد	.
ستردن	منڈانا مونڈنا	سترد	.	سترندہ	استرہ	ستردہ	.	.
ستودن	تعریف کرنا	.	.	.	.	ستودہ	.	.
ستیزدن	لڑنا	ستیزد	بستیز	ستیزندہ	ستیزاں	ستیزیدہ	ستیزہ	ستیزانیدن
سرائیدن	گانا	سراید	بسرائے	سرائندہ	نغمہ سرا	سرائیدہ	.	.
سرشتن	گوندھنا	.	.	.	.	سرشتہ	سرشت	.
سزیدن	لائق ہونا	سزد	.	سزندہ	سزادار	.	سزا	.
سُفتن	بیندھنا پرونا	.	.	.	.	سفتہ	.	.
سگالیدن	اندیشہ کرنا	سگالد	بسگال	سگالندہ	خیرسگال	سگالیدہ	سگال	.
سوختن	جلنا، جلانا روشن کرنا	سوزد	بسوز	سوزندہ	سوزاں دلسوز	سوختہ	.	سوزانیدن
سودن	گھسنا	.	.	.	.	سودہ	.	.
سنجیدن	تولنا	سنجد	بسنج	سنجندہ	گہرسنج	سنجیدہ	.	سنجانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیه
ش								
شاشیدن	پیشاب کرنا	شاشد	.	شاشندہ	.	شاشیدہ	.	.
شایستن	لائق ہونا	شاید	.	.	شایاں	شایستہ	.	.
شپلیدن	سیٹی بجانا	شپلد	.	شپلندہ	.	شپلیدہ	.	شپلانیدن
شتافتن	دوڑنا	شتابد	بشتاب	شتابندہ	ستاباں	شتافتہ	شتاب	.
شدن	ہوناجانا	شود	بشو	شوندہ	.	شدہ	.	.
شستن	دھونا	شوید	بشو	شویندہ	پارچہ شو	شستہ	شست شو	.
شکستن	ٹوٹنا توڑنا	شکند	بشکن	شکنندہ	بت شکن	شکستہ	شکن	.
شکیبیدن	صبر کرنا	شکیبد	شکیب	شکیبندہ	.	شکیبیدہ	شکیبائی شکیبدگی	.
شکوخیدن	ٹھوکر مارنا ٹھوکر کھانا	شکوخد	بشکوخ	شکوخندہ	.	شکوخیدہ	شکوخ	شکوخانیدن
شگافتن	چیرنا	شگافد	بشگاف	شگافندہ	خارا شگاف	شگافتہ	شگاف	.
شگفتن	کھلنا	شگفد	.	.	.	شگفتہ	شگفت	.
شمردن	گننا	شمارد	بشمار	شمارندہ	اختر شمار	شمردہ	شمار	.
شناختن	پہچاننا	شناسد	بشناس	شناسندہ	شناسا حق شناس	شناختہ	شناخت شناسائی	.
شنفتن	سننا	.	.	.	.	شنفتہ	.	.
شنیدن	سننا سونگھنا	شنود	بشنو	شنوندہ	سخن شنو	شنیدہ	شنوائی	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
شوریدن	شور کرنا برہم ہونا	شورد	۔	شورندہ	سلحشور	شوریدہ	شورش	شورانیدن
شنودن	سننا	۔	۔	۔	۔	شنودہ	شنوائی	۔
ط								
طپیدن	بیقرار ہونا	طپد	بطپ	طپندہ	طپاں	طپیدہ	طپش	طپانیدن
طرازیدن	نقش کرنا	طرازد	بطراز	طرازندہ	صورت طراز	طرازیدہ	طراز	۔
طلبیدن	بلانا۔چاہنا	طلبد	بطلب	طلبندہ	طلبگار	طلبیدہ	طلب	۔
غ								
غارتیدن	لوٹنا	غارتد	۔	۔	۔	غارتیدہ	غارت	۔
غنودن	اونگھنا	۔	۔	۔	۔	غنودہ	غنودگی	۔
غلطیدن	لوٹنا لیٹنا	غلطد	بغلط	غلطندہ	غلطاں	غلطیدہ	۔	غلطانیدن
ف								
فتادن	گر پڑنا	فتد	۔	۔		فتادہ	۔	۔
فرستادن	بھیجنا	فرستد	بفرست	فرستندہ	۔	فرستادہ	۔	۔
فرسودن	گھسنا	فرساید	بفرسائے	فرسائندہ	جانفرسا	فرسودہ	فرسودگی	۔
فرمودن	فرمانا	فرماید	بفرمائے	فرمائندہ	کار فرما	فرمودہ	فرمائش	۔
فروختن	بیچنا	فروشد	بفروش	فروشندہ	جلو فروش	فروختہ	فروخت فروش	فروشانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
فریفتن	فریفتہ ہونا فریب دینا	فریبد	بفریب	فریبندہ	دلفریب	فریفتہ	فریب	۔
فزودن	زیادہ ہونا	فزاید	بفزائے	فزایندہ	۔	فزودہ	فزائش	۔
فسردن	ٹھٹھرنا	۔	۔	۔	۔	فسردہ	۔	۔
فشاندن	جھاڑنا	فشاند	بفشاں	فشاندہ	درفشاں	فشاندہ	۔	۔
فشردن	نچوڑ	فشرد	بیفشر	فشرندہ	۔	فشردہ	فشار	فشارانیدن
فگندن	ڈالنا	فگند	بفگن	فگندہ	سایہ فگن	فگندہ	۔	۔
فہمیدن	سمجھنا	فہمد	بفہم	فہمندہ	سخن فہم	فہمیدہ	فہم	فہمانیدن
ک								
کاستن	گھٹنا۔گھٹانا	۔	۔	۔	۔	کاستہ	۔	۔
کاشتن	بونا	کارد	بکار	کارندہ	تخم کار	کاشتہ	کاشت	۔
کافتن	کھودنا	کافد	بکاف	۔	۔	کافتہ	۔	۔
کاویدن	کھودنا	کاود	بکاو	کاوندہ	۔	کاویدہ	کاوش	۔
کاہیدن	گھٹنا گھٹانا	کاہد	بکاہ	کاہندہ	جانکاہ	کاہیدہ	کاہش	۔
کردن	کرنا	کند	بکن	کنندہ	نصیحت کن	کردہ	کار	کنانیدن
کشادن	کھولنا	کشاید	بکشائے	کشایندہ	مشکل کشا	کشادہ	کشائش	۔
کشتن	مار ڈالنا	کشد	بکش	کشندہ	دشمن کش	کشتہ	۔	۔

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
کشودن	کھلنا	.	.	.	.	کشودہ	کشودگی	.
کشیدن	کھینچنا	کشد	بکش	کشندہ	گردن کش دامن کشاں	کشیدہ	کشش	.
کفیدن	پھٹنا	.	.	.	.	کفیدہ	.	.
کندن	کھودنا	کند	بکن	کنند	.	کندہ	.	.
کندیدن	کھودنا	کندد	بکند	.	.	کندیدہ	.	کندانیدن
کوشیدن	کوشش کرنا	کوشد	بکوش	کوشندہ	سخت کوش	کوشیدہ	.	.
کوفتن	کوٹنا	کوبد	بکوب	کوبندہ	کوباں زرکوب	کوفتہ	کوفت	کوبانیدن
گ								
گداختن	پگھلنا پگھلانا	گدازد	بگداز	گدازندہ	جاں گداز	گداختہ	گداز	.
گزاشتن	چھوڑنا	گذارد	بگذار	گزارندہ	.	گزاشتہ	گزاشتہ	.
گزشتن	گزرنا	گزرد	بگزر	گزرندہ	.	گزشتہ	.	گزرانیدن
گرفتن	پکڑنا۔ لینا	گیرد	بگیر	گیرندہ	دامن گیر	گرفتہ	گرفت	.
گرویدن	رغبت کرنا	گرود	بگرو	گروندہ	.	گرویدہ	گرویدگی	.
گزرانیدن	گزرانا گوارہ کرنا	گزراند	بگزراں	گزرانندہ	.	گزرانیدہ	.	.
گرائیدن	خواہش کرنا	گراید	بگرائے	گرائندہ	.	گرائیدہ	گرائش	.
گردیدن	پھرنا۔ ہونا	گردد	بگرد	گردندہ	کوچہ گرد گردداں	گردیدہ	گردش	گردانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
گریختن	بھاگنا	گریزد	بگریز	گریزندہ	گریزاں	گریختہ	گریز	.
گریستن	رونا	گرید	بگری	گریندہ	گریاں	گریستہ	گریہ	.
گزاردن	ادا کرنا	گزارد	بگزار	گزارندہ	نماز گزار	گزاردہ	گزارش	.
گزیدن	کاٹ کھانا	گزاید	بگزائے	گزندہ	لب گزاں	گزیدہ	گزیدگی	.
گساردن	چھوڑنا	گسارد	بگسار	گسارندہ	غمگسار	گساردہ	.	.
گزیدن	چن لینا	گزیند	بگزیں	گزینندہ	خلوت گزیں	گزیدہ	.	.
گستردن	بچھانا	گسترد	بگستر	گسترندہ	گرم گستر	گستردہ	.	گسترانیدن
گسستن	توڑنا	.	.	.	.	گسستہ	.	.
گسیختن	توڑنا۔ ٹوٹنا	گسلد	بگسل	گسلندہ	پیماں گسل	گسیختہ	.	.
گشتن	پھرنا۔ ہونا	.	.	.	.	گشتہ	گشتگی	.
گفتن	کہنا	گوید	بگو	گویندہ	گویاں گویا	گفتہ	گویائی گفتار	.
گماشتن	مقرر کرنا	گمارد	بگمار	گمارندہ	.	گماشتہ	.	.
گنجیدن	سمانا	گنجد	بگنج	گنجندہ	.	گنجیدہ	گنجائش	.
گواریدن	ہضم ہونا	گوارد	بگوار	گوارندہ	گوارہ	گواریدہ	گوارش	.
ل								
لائیدن	شور و بیہودہ بکنا	لاید	بلائے	لائندہ	.	لائیدہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
لافیدن	فضول بکنا	لافد	بلاف	لافندہ	.	.	لاف	.
لرزیدن	کانپنا	لرزد	بلرز	لرزندہ	لرزاں	لرزیدہ	لرزش	لرزانیدن
لغزیدن	پھسلنا	لغزد	بلغز	لغزندہ	لغزاں	لغزیدہ	لغزش	لغزانیدن
لیسیدن	چاٹنا	لیسد	بلیس	لیسندہ	کاسہ لیس	لیسیدہ	.	لیسانیدن
م								
مالیدن	ملنا	مالد	بمال	مالندہ	پامال	مالیدہ	مالش	.
ماندن	رہنا	ماند	بماں	مانندہ	شادماں	ماندہ	ماندگی	.
مُردن	مرنا	میرد	بمیر	میرندہ	.	مردہ	.	.
مانستن	مشابہ ہونا	ماند	بماں	مانندہ	ماناں	مانستہ	مانائی	.
مکیدن	چوسنا	مکد	بمک	مکندہ	.	مکیدہ	.	مکانیدن
ن								
نازیدن	ناز کرنا	نازد	بناز	نازندہ	نازاں	نازیدہ	ناز	.
نالیدن	رونا	نالد	بنال	نالندہ	نالاں	نالیدہ	نالش	.
نامیدن	نام رکھنا	نامد	.	نامندہ	.	نامیدہ	.	.
نبشتن	لکھنا	.	.	.	.	نبشتہ	.	.
نشستن	بیٹھنا	نشیند	بنشیں	نشینندہ	خاک نشیں	نشستہ	.	نشانیدن

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
نکوہیدن	ملامت کرنا بدی کرنا	نکوہد	.	نکوہندہ	.	نکوہیدہ	نکوہش	.
نگاشتن	لکھنا	نگارد	بنگار	نگارندہ	صورت نگار	نگاشتہ	نگارش	.
نگریستن	دیکھنا	نگرد	بنگر	نگرندہ	نگراں	نگریستہ	نگرانی	نگرانیدن
نمودن	دیکھنا دکھانا	نماید	بنمائے	نمائندہ	رہنما نمایاں	نمودہ	نمائش نمود	.
نہفتن	چھپنا	.	.	.	.	نہفتہ	.	.
نیوشیدن	سننا	نیوشد	نیوشں	نیوشندہ	کن نیوش	نیوشیدہ	.	.
نواختن	بجانا نوازنا	نوازد	بنواز	نوازندہ	بندہ نواز	نواختہ	نوازش	.
نوردیدن	لپیٹنا	نوردد	بنورد	نوردندہ	راہ نورد	نوردیدہ	نورد	.
نوشتن	لکھنا	نویسد	بنویس	نویسندہ	خوشنویس	نوشتہ	نوشت	نویسانیدن
نوشیدن	پینا	نوشد	بنوش	نوشندہ	مئے نوش	نوشیدہ	نوش	نوشانیدن
نہادن	رکھنا	نہد	بنہ	نہندہ	منت نہ	نہادہ	.	.
و								
واخیدن	ڈھکنا	واخد	.	واخندہ	.	واخیدہ	.	.
ورزیدن	اختیار کرنا ورزش کرنا	ورزد	بورز	ورزندہ	ورزاں	ورزیدہ	ورزش	.
ورغلانیدن	بہکانا	ورغلاند	.	ورغلانندہ	.	ورغلانیدہ	.	.
وزیدن	ہوا کا چلنا	وزد	بوز	وزندہ	وزاں	وزیدہ	.	.

مصدر	معنی مصدر	مضارع	امر	اسم فاعل قیاسی	اسم فاعل سماعی	اسم مفعول	حاصل مصدر	طریق تعدیہ
ہ								
ہراسیدن	ڈرنا	ہراسد	بہراس	ہراسندہ	ہراساں	ہراسیدہ	ہراس	ہراسانیدن
ہشتن	چھوڑنا	.	.	.	.	ہشتہ	.	.
ہلیدن	چھوڑنا	ہلد	بہل	ہلندہ	.	ہلیدہ	.	.
ی								
یارستن	سکنا طاقت رکھنا	یارد	.	.	.	یارستہ	یارائے	.
یافتن	پانا	یابد	بیاب	یابندہ	کامیاب	یافتہ	.	.